| اِلَيْهِ | مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔ | فَلَا | لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔ |
| مَقْطُوْعٌ | قطع تعلقی، قطع رحمی، قاطع۔ | اتَّقُوا | تقویٰ، متقی۔ |
| مُّصْبِحِيْنَ | صبح، علی الصبح، صبح صادق۔ | نَنْهَكَ | منہیات، اوامرونواہی۔ |
| اَهْلُ | اہل وعیال، اہل خانہ، اہلیہ۔ | الْعٰلَمِيْنَ | عالم اسلام، عالم عقبیٰ، عالم برزخ۔ |
| الْمَدِيْنَةِ | مدینہ، مدینۃ الاولیاء۔ | بَنٰتِيْٓ | بنت رسول، بنت الاسلام۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | امْضُوْا [1] | حَيْثُ | تُؤْمَرُوْنَ [2] (65) | وَ | قَضَيْنَآ |
| اور | تم سب چلے جاؤ | جہاں | تم سب حکم دیے جاتے ہو | اور | ہم نے فیصلہ کہلا بھیجا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِلَيْهِ | ذٰلِكَ [3] | الْاَمْرَ | اَنَّ | دَابِرَ | هٰٓؤُلَآءِ |
| اس کی طرف | اس | بات کا | کہ بے شک | جڑ | ان سب کی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَقْطُوْعٌ [4] | مُّصْبِحِيْنَ [5] (66) | وَجَآءَ | اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ [6] |
| کاٹ دی جانے والی | سب صبح کرنے والے | اور آئے | شہر والے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَسْتَبْشِرُوْنَ (67) | قَالَ | اِنَّ | هٰٓؤُلَآءِ | ضَيْفِىْ |
| وہ سب بہت خوش ہو رہے تھے | کہا | بے شک | یہ سب | میرے مہمان |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَلَا | تَفْضَحُوْنِ [7] (68) | وَاتَّقُوا | اللّٰهَ | وَ |
| سو نہ | تم سب ذلیل کرو مجھے | اور تم سب ڈرو | اللہ سے | اور |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَا | تُخْزُوْنِ [7] (69) | قَالُوْٓا | اَوَ | لَمْ | نَنْهَكَ |
| نہ | تم سب رسوا کرو مجھے | انہوں نے کہا | اور کیا | نہیں | ہم منع کر چکے تمہیں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| عَنِ الْعٰلَمِيْنَ (70) | قَالَ | هٰٓؤُلَآءِ | بَنٰتِىْٓ |
| سارے جہاں سے | کہا | یہ سب | میری بیٹیاں |

## ضروری وضاحت

[1] فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ [2] تـ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ [3] ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔ [4] مَفْعُوْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔ [5] اسم کے شروع میں مُـ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ [6] ة مؤنث کی علامت ہے۔ [7] دراصل یہاں آخر سے یْ گری ہوئی ہے جس کا ترجمہ مجھے کیا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| اِنۡ كُنۡتُمۡ فٰعِلِيۡنَ ﴿71﴾ | اگر ہوتم (ایسا) کرنے والے۔ ﴿71﴾ |
| لَعَمۡرُكَ اِنَّهُمۡ | تیری عمر کی قسم! بے شک وہ |
| لَفِىۡ سَكۡرَتِهِمۡ يَعۡمَهُوۡنَ ﴿72﴾ | یقیناً اپنی مستی میں دیوانے ہو رہے تھے۔ ﴿72﴾ |
| فَاَخَذَتۡهُمُ الصَّيۡحَةُ مُشۡرِقِيۡنَ ﴿73﴾ | پس پکڑ لیا ان کو چیخ نے سورج نکلتے ہی۔ ﴿73﴾ |
| فَجَعَلۡنَا عَالِيَهَا | تو ہم نے کر دیا اس کے اوپر کے حصے کو |
| سَافِلَهَا وَاَمۡطَرۡنَا | اس کے نیچے کا حصہ اور ہم نے بارش برسادی |
| عَلَيۡهِمۡ حِجَارَةً مِّنۡ سِجِّيۡلٍ ﴿74﴾ | ان پر کھنگر کے پتھروں کی۔ ﴿74﴾ |
| اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ | بے شک اس میں یقیناً نشانیاں ہیں |
| لِّلۡمُتَوَسِّمِيۡنَ ﴿75﴾ | گہری نظر سے جائزہ لینے والوں کے لیے۔ ﴿75﴾ |
| وَاِنَّهَا لَبِسَبِيۡلٍ مُّقِيۡمٍ ﴿76﴾ | اور بیشک وہ (بستی) یقیناً قائم ودائم راستے پر ہے۔ ﴿76﴾ |
| اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿77﴾ | بیشک یقیناً اس میں نشانی ہے ایمان والوں کے لیے۔ ﴿77﴾ |
| وَاِنۡ كَانَ اَصۡحٰبُ الۡاَيۡكَةِ لَظٰلِمِيۡنَ ﴿78﴾ | اور بیشک تھے ایکہ (جنگل) والے بھی یقیناً ظالم۔ ﴿78﴾ |

وقف لازم

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| فٰعِلِيۡنَ : فعل، فاعل، مفعول۔ | حِجَارَةً : حجر اسود، شجر وحجر۔ |
| لَعَمۡرُكَ : عمر، عمرِ دراز، عمریں بیت گئیں۔ | مِّنۡ : منجانب، من حیث القوم، من وعن۔ |
| لَفِىۡ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ | لَاٰيٰتٍ : آیت، آیات قرآنی۔ |
| فَاَخَذَتۡهُمُ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔ | لَبِسَبِيۡلٍ : اللہ کوئی سبیل نکالے گا، فی سبیل اللہ۔ |
| مُشۡرِقِيۡنَ : مشرق ومغرب، شرقی جانب۔ | مُّقِيۡمٍ : قائم دائم، استقامت، مقیم۔ |
| عَالِيَهَا : عالی شان، جناب عالی، اللہ تعالیٰ۔ | لِّلۡمُؤۡمِنِيۡنَ : امن، ایمان، مومن۔ |
| سَافِلَهَا : سفلی علم، سفلہ پن۔ | اَصۡحٰبُ : صاحب، صحابی، صحابہ کرام، اصحاب۔ |
| عَلَيۡهِمۡ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ | لَظٰلِمِيۡنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| إِنْ | كُنتُمْ | فٰعِلِينَ (1) ﴿71﴾ ط | لَعَمْرُكَ | إِنَّهُمْ |
| اگر | تم ہو | سب کرنے والے | تیری عمر کی قسم ! | بے شک وہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| لَفِي سَكْرَتِهِمْ (2) | يَعْمَهُونَ ﴿72﴾ | فَأَخَذَتْهُمُ (3) | الصَّيْحَةُ (3) |
| یقیناً اپنی مستی میں | وہ سب دیوانے ہو رہے تھے | پس پکڑ لیا ان کو | چیخ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مُشْرِقِينَ (4) ﴿73﴾ | فَجَعَلْنَا | عَالِيَهَا | سَافِلَهَا | وَ |
| سورج نکلتے ہی | تو ہم نے کر دیا | اس کے اوپر کے حصے کو | اس کے نیچے کا حصہ | اور |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| أَمْطَرْنَا (5) | عَلَيْهِمْ | حِجَارَةً (3) | مِّن سِجِّيلٍ ﴿74﴾ ط | إِنَّ |
| ہم نے بارش برسا دی | ان پر | پتھر | کھنگر سے | بے شک |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فِي ذٰلِكَ | لَآيٰتٍ (3) | لِّلْمُتَوَسِّمِينَ (6) ﴿75﴾ | وَإِنَّهَا | لَبِسَبِيلٍ |
| اس میں | یقیناً نشانیاں | گہری نظر سے جائزہ لینے والوں کے لیے | اور بیشک وہ | یقیناً راستے پر |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مُّقِيمٍ ﴿76﴾ | إِنَّ | فِي ذٰلِكَ | لَآيَةً (3) | لِّلْمُؤْمِنِينَ (6) ﴿77﴾ ط |
| قائم ودائم | بیشک | اس میں | یقیناً نشانی | تمام ایمان لانے والوں کے لیے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | إِنْ (7) | كَانَ | أَصْحٰبُ | الْأَيْكَةِ (3) | لَظٰلِمِينَ (1) ﴿78﴾ لا |
| اور | بیشک | تھے | والے | ایکہ (جنگل) | یقیناً سب ظلم کرنے والے |

وقف لازم

**ضروری وضاحت**

(1) فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ (2) هُمْ کبھی پڑھنے میں آسانی کے لیے هِمْ بھی ہو جاتا ہے۔ (3) تْ، ةٌ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ (4) یہاں يْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ (5) نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ (6) اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ (7) دراصل یہ إِنَّ تھا تخفیف کے لیے إِنْ کیا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ | تو ہم نے انتقام لیا ان سے |
| وَ اِنَّهُمَا | اور بیشک یہ دونوں (شہر یا بستیاں) |
| لَبِاِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿79﴾ | یقیناً کھلے (عام) راستے پر ہیں۔ ﴿79﴾ |
| وَلَقَدْ كَذَّبَ اَصْحٰبُ الْحِجْرِ | اور بلا شبہ یقیناً جھٹلایا حجر والوں نے |
| الْمُرْسَلِيْنَ ﴿80﴾ وَ اٰتَيْنٰهُمْ | رسولوں کو۔ ﴿80﴾ اور ہم نے دیں انہیں |
| اٰيٰتِنَا فَكَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿81﴾ | اپنی نشانیاں تو تھے وہ ان سے منہ پھیرنے والے۔ ﴿81﴾ |
| وَ كَانُوْا يَنْحِتُوْنَ | اور تھے وہ تراشا کرتے |
| مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا اٰمِنِيْنَ ﴿82﴾ | پہاڑوں سے گھر بے خوف ہو کر۔ ﴿82﴾ |
| فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُصْبِحِيْنَ ﴿83﴾ | تو پکڑ لیا انہیں چیخ نے صبح ہوتے ہی۔ ﴿83﴾ |
| فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ | پھر نہ کام آیا ان کے |
| مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿84﴾ | جو تھے وہ کمایا کرتے۔ ﴿84﴾ |
| وَ مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ | اور نہیں ہم نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو |

ع 5 19 5

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَانْتَقَمْنَا | انتقام، منتقم المزاج، انتقامی کاروائی۔ | بُيُوْتًا | بیت اللہ، بیت المقدس، بیت الخلا۔ |
| مُّبِيْنٍ | بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔ | اٰمِنِيْنَ | امن، ایمان، مومن۔ |
| كَذَّبَ | کذب بیانی، کاذب، تکذیب۔ | فَاَخَذَتْهُمُ | اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔ |
| اَصْحٰبُ | صاحب، صحابی، صحابہ کرام، اصحاب۔ | مُصْبِحِيْنَ | صبح، علی الصبح، صبح صادق۔ |
| الْمُرْسَلِيْنَ | رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔ | يَكْسِبُوْنَ | کسب حلال، کسبی۔ |
| اٰيٰتِنَا | آیت، آیات قرآنی۔ | خَلَقْنَا | خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔ |
| مُعْرِضِيْنَ | اعراض کرنا۔ | السَّمٰوٰتِ | کتب سماویہ، ارض وسما۔ |
| الْجِبَالِ | جبل اُحد، جبل رحمت۔ | الْاَرْضَ | ارض وسما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔ |

ع 5 19 5

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَانْتَقَمْنَا ❶ | مِنْهُمْ | وَ | اِنَّهُمَا | لَبِاِمَامٍ ❷ | مُّبِيْنٍ ﴿79﴾ |
| تو ہم نے انتقام لیا | ان سے | اور | بیشک یہ دونوں | یقیناً راستے پر | کھلے (عام) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | لَقَدْ | كَذَّبَ | اَصْحٰبُ الْحِجْرِ | الْمُرْسَلِيْنَ ❸ ﴿80﴾ |
| اور | بلاشبہ یقیناً | جھٹلایا | حجر والے | بھیجے ہوئے سب رسول |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اٰتَيْنٰهُمْ ❶ | اٰيٰتِنَا | فَكَانُوْا | عَنْهَا | مُعْرِضِيْنَ ❹ ﴿81﴾ |
| اور | ہم نے دیں اُنہیں | اپنی نشانیاں | تو تھے وہ سب | ان سے | سب منہ پھیرنے والے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | كَانُوْا | يَنْحِتُوْنَ | مِنَ الْجِبَالِ | بُيُوْتًا |
| اور | وہ سب تھے | وہ سب تراشا کرتے | پہاڑوں سے | گھر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اٰمِنِيْنَ ﴿82﴾ | فَاَخَذَتْهُمُ ❺ | الصَّيْحَةُ ❺ | مُصْبِحِيْنَ ❹ ﴿83﴾ |
| سب بے خوف ہوکر | تو پکڑلیا اُنہیں | چیخ | سب کے صبح کرتے ہوئے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَمَآ | اَغْنٰى | عَنْهُمْ | مَّا | كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ❻ ﴿84﴾ |
| پھر نہ | کام آیا | ان سے | جو | تھے وہ سب کمایا کرتے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | خَلَقْنَا ❶ | السَّمٰوٰتِ ❺ | وَ | الْاَرْضَ |
| اور | نہیں | ہم نے پیدا کیا | آسمانوں | اور | زمین |

ضروری وضاحت

❶ نا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❷ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ❸ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیے ہوئے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ ۃ، تْ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں جن کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❻ وْا اور وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ | اور جو ان دونوں کے درمیان ہے مگر حق کے ساتھ |
| وَ اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ | اور بے شک قیامت یقیناً آنے والی ہے |
| فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ ﴿85﴾ | پس آپ درگزر کریں اچھے انداز میں درگزر کرنا۔ ﴿85﴾ |
| اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلّٰقُ | بے شک تیرا رب ہی خوب پیدا کرنے والا |
| الْعَلِيْمُ ﴿86﴾ | سب کچھ جاننے والا ہے۔ ﴿86﴾ |
| وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ | اور بلاشبہ یقیناً ہم نے دے رکھی ہیں آپ کو |
| سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ | سات بار بار دہرائی جانے والی (آیات ہیں) |
| وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ﴿87﴾ | اور بہت عظمت والا قرآن (بھی)۔ ﴿87﴾ |
| لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ | آپ ہرگز نہ اٹھائیں اپنی آنکھیں |
| اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ | اس کی طرف جو ہم نے فائدہ دیا اس سے |
| اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ | ان میں سے کئی قسم کے لوگوں کو اور نہ غم کریں ان پر |
| وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿88﴾ | اور جھکا دیں اپنا بازو مومنوں کے لیے۔ ﴿88﴾ |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَا | : ماحول، ماجرا، ماتحت۔ | سَبْعًا | : قرأت سبعہ عشرہ، اُسبوعی اجلاس۔ |
| بَيْنَهُمَآ | : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔ | مِّنَ | : منجانب، من حیث القوم، من وعن۔ |
| اِلَّا | : الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔ | الْعَظِيْمَ | : عظیم، عظمت، معظم، تعظیم۔ |
| بِالْحَقِّ | : حق و باطل، حقیقت، حقیقی بھائی۔ | عَيْنَيْكَ | : عینی شاہد، معاینہ، عین سامنے۔ |
| السَّاعَةَ | : ساعت، ساعات، آخری ساعتیں۔ | مَتَّعْنَا | : متاع کارواں، مال و متاع۔ |
| الْجَمِيْلَ | : حسن و جمال، جمیل۔ | بِهٖٓ | : بالکل، بہرحال، بالواسطہ، بالمشافہ۔ |
| الْخَلّٰقُ | : خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔ | تَحْزَنْ | : حزن و ملال، عام الحزن۔ |
| الْعَلِيْمُ | : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔ | لِلْمُؤْمِنِيْنَ | : ایمان، مؤمن، امن۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَمَا | بَيْنَهُمَآ | اِلَّا | بِالْحَقِّ ؕ | وَ اِنَّ | السَّاعَةَ ❶ |
| اور جو | ان دونوں کے درمیان | مگر | حق کے ساتھ | اور بے شک | قیامت |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَاٰتِيَةٌ ❶ | فَاصْفَحِ | الصَّفْحَ | الْجَمِيْلَ ﴿85﴾ | اِنَّ |
| یقیناً آنے والی | پس آپ درگزر کریں | درگزر کرنا | اچھا (انداز) | بیشک |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رَبَّكَ | هُوَ الْخَلّٰقُ ❷❸ | الْعَلِيْمُ ❸ ﴿86﴾ | وَ | لَقَدْ |
| تیرا رب | وہی خوب پیدا کرنے والا ہے | سب کچھ جاننے والا | اور | بلاشبہ یقیناً |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اٰتَيْنٰكَ | سَبْعًا | مِّنَ الْمَثَانِيْ | وَ الْقُرْاٰنَ |
| ہم نے دی ہیں آپ کو | سات | بار بار دہرائی جانے والی (آیات) سے | اور قرآن |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الْعَظِيْمَ ❸ ﴿87﴾ | لَا تَمُدَّنَّ ❹ | عَيْنَيْكَ ❺ | اِلٰى | مَا |
| بہت عظمت والا | آپ ہرگز نہ اٹھائیں | اپنی دو آنکھیں | (اس) کی طرف | جو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَتَّعْنَا | بِهٖٓ | اَزْوَاجًا ❻ | مِّنْهُمْ | وَ | لَا تَحْزَنْ |
| ہم نے فائدہ دیا | اس سے | بہت قسم کے لوگ | اُن میں سے | اور | مت آپ غم کریں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِمْ | وَ | اخْفِضْ | جَنَاحَكَ | لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿88﴾ |
| ان پر | اور | آپ جھکا دیں | اپنا بازو | مومنوں کے لیے |

**ضروری وضاحت**

❶ ۃ مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ ھُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ لَا کے بعد فعل کے آخر میں نَّ آئے تو اس میں تاکید کے ساتھ کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ہرگز نہ کیا گیا ہے۔ ❺ یہ دراصل عَيْنَيْنِكَ تھا آخر سے تثنیہ کا نون گرا ہوا ہے۔
❻ اَزْوَاجًا زوج کی جمع ہے اس کا ترجمہ میاں یا بیوی ہوتا ہے، یہاں اسکا ترجمہ قسم ہے۔

| | |
|---|---|
| وَقُلۡ اِنِّيۡۤ اَنَا النَّذِيۡرُ الۡمُبِيۡنُ ﴿89﴾ | اور فرما دیجیے! بیشک میں تو کھلم کھلا ڈرانے والا ہوں۔ ﴿89﴾ |
| كَمَاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلَى الۡمُقۡتَسِمِيۡنَ ﴿90﴾ | جیسا کہ ہم نے اُتارا (عذاب) تقسیم کرنے والوں پر۔ ﴿90﴾ |
| الَّذِيۡنَ جَعَلُوا الۡقُرۡاٰنَ عِضِيۡنَ ﴿91﴾ | جنہوں نے کر دیا قرآن کو ٹکڑے ٹکڑے۔ ﴿91﴾ |
| فَوَرَبِّكَ | پس قسم ہے تیرے رب کی |
| لَنَسۡـَٔلَنَّهُمۡ اَجۡمَعِيۡنَ ﴿92﴾ | یقیناً ضرور ہم باز پرس کریں گے ان سب سے۔ ﴿92﴾ |
| عَمَّا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿93﴾ | اس کے بارے میں جو وہ کیا کرتے تھے ﴿93﴾ |
| فَاصۡدَعۡ بِمَا تُؤۡمَرُ | پس کھول کر سنا دیجیے جس کا آپ کو حکم دیا جاتا ہے |
| وَاَعۡرِضۡ عَنِ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ﴿94﴾ | اور منہ پھیر لیجیے مشرکوں سے۔ ﴿94﴾ |
| اِنَّا كَفَيۡنٰكَ | بے شک ہم کافی ہیں آپ کو (بچانے کے لیے) |
| الۡمُسۡتَهۡزِءِيۡنَ ﴿95﴾ | مذاق اڑانے والوں (کی شر) سے۔ ﴿95﴾ |
| الَّذِيۡنَ يَجۡعَلُوۡنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ‌ ۚ | جو بناتے ہیں اللہ کے ساتھ دوسرا معبود |
| فَسَوۡفَ يَعۡلَمُوۡنَ ﴿96﴾ | سو عنقریب وہ جان لیں گے۔ ﴿96﴾ |

ربع

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| قُلۡ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ | تُؤۡمَرُ : امر، آمر، مامور، امارت۔ |
| الۡمُبِيۡنُ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔ | اَعۡرِضۡ : اعراض کرنا۔ |
| كَمَاۤ (كَ+مَا) : کماحقہ، کالعدم/ ماحول، ماتحت۔ | الۡمُشۡرِكِيۡنَ : شرک، شریک، مشرک، شراکت۔ |
| اَنۡزَلۡنَا : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔ | كَفَيۡنٰكَ : کافی، کفایت۔ |
| الۡمُقۡتَسِمِيۡنَ : قِسم، اقسام، تقسیم، منقسم۔ | الۡمُسۡتَهۡزِءِيۡنَ : استہزاء۔ |
| لَنَسۡـَٔلَنَّهُمۡ : سوال، سائل، مسئول۔ | مَعَ : مع اہل وعیال، معیت۔ |
| اَجۡمَعِيۡنَ : جمع، جامع، مجمع، جماعت۔ | اٰخَرَ : اُخروی زندگی۔ |
| يَعۡمَلُوۡنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔ | يَعۡلَمُوۡنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قُلْ | اِنِّيْٓ اَنَا ❶ | النَّذِيْرُ | الْمُبِيْنُ ﴿89﴾ | كَمَآ |
| اور | آپ فرما دیجیے! | بیشک میں | ڈرانے والا | کھلم کھلا | جس طرح |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَنْزَلْنَا | عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ ❷ ﴿90﴾ | الَّذِيْنَ | جَعَلُوا |
| ہم نے اُتارا (عذاب) | تقسیم کرنے والوں پر | جن | سب نے کر دیا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| الْقُرْاٰنَ | عِضِيْنَ ❸ ﴿91﴾ | فَوَرَبِّكَ ❹ | لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ ❺ |
| قرآن | ٹکڑے ٹکڑے | پس قسم ہے تیرے رب کی | یقیناً ضرور ہم باز پرس کریں گے اُن سے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَجْمَعِيْنَ ❸ ﴿92﴾ | عَمَّا ❻ | كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ❼ ﴿93﴾ | فَاصْدَعْ |
| سب کے سب | اسکے بارے میں جو | تھے وہ سب کیا کرتے | پس آپ کھول کر سنا دیجیے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بِمَا | تُؤْمَرُ | وَ | اَعْرِضْ | عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ❷ ﴿94﴾ |
| جس کا | آپ کو حکم دیا جاتا ہے | اور | آپ منہ پھیر لیجیے | شرک کرنیوالوں سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِنَّا | كَفَيْنٰكَ ❽ | الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ❷ ﴿95﴾ | الَّذِيْنَ | يَجْعَلُوْنَ |
| بیشک ہم | ہم کافی ہیں آپ کو | مذاق اڑانے والوں (سے) | جو | وہ سب بناتے ہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مَعَ اللّٰهِ | اِلٰهًا | اٰخَرَ | فَسَوْفَ | يَعْلَمُوْنَ ﴿96﴾ |
| اللہ کے ساتھ | معبود | دوسرا | سو عنقریب | وہ سب جان لیں گے |

ربع

### ضروری وضاحت

❶ علامت یْ اور اَنَا دونوں کا ملا کر ترجمہ میں کیا گیا ہے۔ ❷ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ یہاں یْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹ وَ کا معنی کبھی اور کبھی حالانکہ اور کبھی قسم ہے کیا جاتا ہے۔ ❺ فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نّ تاکید کی علامتیں ہیں۔ ❻ عَمَّا دراصل عَنْ + مَا مجموعہ ہے۔ ❼ وْا اور وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❽ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گر گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ | اور بلاشبہ یقیناً ہم جانتے ہیں کہ بیشک تنگ ہوتا ہے |
| صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ﴿97﴾ | آپ کا سینہ اس سے جو وہ کہتے ہیں۔ ﴿97﴾ |
| فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ | پس تسبیح بیان کر اپنے رب کی حمد کے ساتھ |
| وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ﴿98﴾ | اور ہو جا سجدہ کرنے والوں میں سے۔ ﴿98﴾ |
| وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى | اور عبادت کریں اپنے رب کی یہاں تک کہ |
| يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴿99﴾ | آجائے آپکے پاس یقین (یعنی موت)۔ ﴿99﴾ |

ع 6 20 6

## آیاتہا 128 — 16 سُوْرَةُ النَّحْلِ مَكِّيَّةٌ — رکوعاتہا 16

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | |
|---|---|
| اَتٰى اَمْرُ اللّٰهِ | آن پہنچا اللہ کا حکم |
| فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ؕ | تو نہ اسکے جلد آنے کا مطالبہ کرو |
| سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى | وہ پاک ہے اور بہت بلند ہے |
| عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿1﴾ | اس سے جو وہ شریک بناتے ہیں۔ ﴿1﴾ |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| نَعْلَمُ | علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔ | اعْبُدْ | عبادت، عابد، معبود۔ |
| يَضِيْقُ | ضیق الصدر، ضیق النفس۔ | حَتّٰى | حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔ |
| صَدْرُكَ | صدر بازار، صدر مقام، صدری۔ | الْيَقِيْنُ | یقین، یقین محکم، یقین کامل۔ |
| يَقُوْلُوْنَ | قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ | اَمْرُ | امر، آمر، مامور، امارت۔ |
| فَسَبِّحْ | تسبیح، تسبیحات۔ | تَسْتَعْجِلُوْهُ | عجلت، مہر معجّل، غیر معجّل۔ |
| بِحَمْدِ | حمد و ثنا، حامد، محمود۔ | سُبْحٰنَهٗ | سبحان تیری قدرت، سبحان اللہ۔ |
| مِّنَ | منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | تَعٰلٰى | عالی شان، جناب عالی، اللہ تعالیٰ۔ |
| السّٰجِدِيْنَ | سجدہ، مسجودِ ملائکہ، ساجد۔ | يُشْرِكُوْنَ | شرک، شریک، مشرک، شراکت۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَقَدْ ❶ | نَعْلَمُ | اَنَّكَ | يَضِيْقُ | صَدْرُكَ |
| اور | بلاشبہ یقیناً | ہم جانتے ہیں | کہ بیشک آپ | وہ تنگ ہوتا ہے | آپ کا سینہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بِمَا ❷ | يَقُوْلُوْنَ ﴿97﴾ لا | فَسَبِّحْ | بِحَمْدِ ❷ | رَبِّكَ |
| (اس) سے جو | وہ سب کہتے ہیں | پس تو تسبیح بیان کر | حمد کے ساتھ | اپنے رب کی |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | كُنْ | مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ﴿98﴾ لا | وَ | اعْبُدْ ❸ |
| اور | تو ہوجا | سجدہ کرنیوالوں میں سے | اور | تو عبادت کر |

ع 6 20 6

| | | | |
|---|---|---|---|
| رَبَّكَ | حَتّٰى | يَاْتِيَكَ | الْيَقِيْنُ ﴿99﴾ ع |
| اپنے رب کی | یہاں تک کہ | آجائے آپکے پاس | یقین (موت) |

## اٰیاتُھَا 128 — 16 سُوْرَةُ النَّحْلِ مَكِّيَّةٌ — رُکُوعَاتُھَا 16

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَتٰى | اَمْرُ ❹ | اللّٰهِ | فَلَا | تَسْتَعْجِلُوْهُ ❺ ط |
| آن پہنچا | حکم | اللہ کا | تو نہ | تم سب مطالبہ کرواسکے جلد آنے کا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| سُبْحٰنَهٗ | وَ | تَعٰلٰى ❻ | عَمَّا ❼ | يُشْرِكُوْنَ ﴿1﴾ |
| وہ پاک ہے | اور | بہت بلند ہے | (اس) سے جو | وہ سب شریک بناتے ہیں |

### ضروری وضاحت

❶ علامت لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ❷ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ❸ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں سکون ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❹ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ❺ اِسْتَ میں طلب کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ فعل کے شروع میں تَ اور درمیان میں ا میں کبھی مبالغے کا مفہوم بھی ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ بہت کیا گیا ہے۔ ❼ عَمَّا دراصل عَنْ + مَا مجموعہ ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلیے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلیے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلیے

| | |
|---|---|
| يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ | وہ نازل کرتا ہے فرشتوں کو روح (وحی) کے ساتھ |
| مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ | اپنے حکم سے جس پر چاہتا ہے اپنے بندوں میں سے |
| اَنْ اَنْذِرُوْٓا اَنَّهٗ | کہ متنبہ کردو کہ بیشک یہ حقیقت ہے کہ |
| لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاتَّقُوْنِ ﴿2﴾ | کوئی معبود نہیں سوائے میرے، سو مجھ ہی سے ڈرو۔ ﴿2﴾ |
| خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ | اس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو |
| بِالْحَقِّ ؕ تَعٰلٰى | حق کے ساتھ، وہ بہت بلند ہے |
| عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿3﴾ | اس سے جو وہ شریک بناتے ہیں۔ ﴿3﴾ |
| خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ | اس نے پیدا کیا انسان کو ایک قطرے سے |
| فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿4﴾ | تو اچانک وہ جھگڑالو بن گیا علانیہ طور پر۔ ﴿4﴾ |
| وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا ۚ | اور چوپایوں کو اس نے پیدا کیا انہیں |
| لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ | تمہارے لیے ان میں گرمی حاصل کرنے کا سامان |
| وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿5﴾ | اور (کئی) فوائد ہیں اور ان میں سے بعض تم کھاتے ہو۔ ﴿5﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| يُنَزِّلُ | : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔ | الْاَرْضَ | : ارض وسما، قطعہ ٔ اراضی، ارض مقدس۔ |
| اَمْرِهٖ | : امر، آمر، مامور، امارت۔ | بِالْحَقِّ | حق و باطل، حقیقت، حقیقی بھائی۔ |
| يَّشَآءُ | : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔ | عَمَّا | : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔ |
| عِبَادِهٖٓ | : عبادت، عابد، معبود۔ | يُشْرِكُوْنَ | : شرک، شریک، مشرک، شراکت۔ |
| اِلَّآ | : الاماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔ | نُّطْفَةٍ | : نطفہ، نطفے۔ |
| فَاتَّقُوْنِ | : تقویٰ، متقی۔ | مُّبِيْنٌ | : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔ |
| خَلَقَ | : خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔ | مَنَافِعُ | : نفع، منافع، منفعت، |
| السَّمٰوٰتِ | : کتب سماویہ، ارض وسما۔ | تَاْكُلُوْنَ | : اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| يُنَزِّلُ | الْمَلٰٓئِكَةَ | بِالرُّوْحِ | مِنْ اَمْرِهٖ |
| وہ نازل کرتا ہے | فرشتوں کو | روح (وحی) کے ساتھ | اپنے حکم سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عَلٰى مَنْ | يَّشَآءُ | مِنْ عِبَادِهٖٓ | اَنْ | اَنْذِرُوْٓا |
| جس پر | وہ چاہتا ہے | اپنے بندوں میں سے | کہ | تم سب متنبہ کردو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَنَّهٗ | لَآ اِلٰهَ ❶ | اِلَّآ اَنَا | فَاتَّقُوْنِ ❷ (2) | خَلَقَ |
| کہ بیشک یہ (سچ ہے کہ) | کوئی معبود نہیں | سوائے میرے | سو تم سب مجھ ہی سے ڈرو | اس نے پیدا کیا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| السَّمٰوٰتِ ❸ | وَالْاَرْضَ | بِالْحَقِّ ؕ | تَعٰلٰى ❹ | عَمَّا |
| آسمانوں | اور زمین کو | حق کے ساتھ | وہ بہت بلند ہے | (اس) سے جو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يُشْرِكُوْنَ (3) | خَلَقَ | الْاِنْسَانَ | مِنْ نُّطْفَةٍ ❺❸ | فَاِذَا ❻ |
| وہ سب شریک بناتے ہیں | اس نے پیدا کیا | انسان کو | ایک قطرے سے | تو اچانک |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| هُوَ | خَصِيْمٌ | مُّبِيْنٌ (4) | وَالْاَنْعَامَ | خَلَقَهَا ۚ | لَكُمْ |
| وہ | جھگڑالو بن گیا | علانیہ طور پر | اور چوپائے | اس نے پیدا کیا اُنہیں | تمہارے لیے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فِيْهَا | دِفْءٌ | وَّمَنَافِعُ | وَمِنْهَا | تَاْكُلُوْنَ (5) ص |
| ان میں | گرمی حاصل کرنے کا سامان | اور فوائد | اور ان میں سے (بعض) | تم سب کھاتے ہو |

## ضروری وضاحت

❶ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے۔ ❷ یہاں آخر سے یْ پڑھنے میں آسانی کے لیے گر گئی ہے اسی یْ کا ترجمہ مجھ سے کیا گیا ہے۔ ❸ ة، ات مؤنث کی علامتیں ہیں ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ فعل کے شروع میں تَ اور درمیان میں ا میں کبھی مبالغے کا مفہوم بھی ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ بہت کیا گیا ہے۔ ❺ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ ❻ اِذَا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی اچانک بھی کیا جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَ لَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ | اور تمہارے لیے ان میں ایک رونق ہوتی ہے |
| حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ | جب تم شام کو چرا کر لاتے ہو |
| وَ حِيْنَ تَسْرَحُوْنَ ﴿6﴾ | اور جب صبح چرانے کو لے کر جاتے ہو۔ ﴿6﴾ |
| وَ تَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ | اور اٹھا کر لے جاتے ہیں تمہارے بوجھ |
| اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ | اس شہر تک (کہ) نہیں تھے تم پہنچنے والے اس تک |
| اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ ؕ اِنَّ رَبَّكُمْ | مگر جانوں کی مشقت کے ساتھ بیشک تمہارا رب |
| لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿7﴾ | یقیناً نرمی کرنے والا، نہایت رحم والا ہے۔ ﴿7﴾ |
| وَّ الْخَيْلَ وَ الْبِغَالَ وَ الْحَمِيْرَ | اور گھوڑے اور خچر اور گدھے (پیدا کیے) |
| لِتَرْكَبُوْهَا وَ زِيْنَةً ؕ | تاکہ تم سواری کرو ان پر اور زینت (کے لیے) |
| وَ يَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿8﴾ | اور وہ پیدا کرتا ہے (ایسی چیزیں) جو تم نہیں جانتے۔ ﴿8﴾ |
| وَ عَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ | اور اللہ ہی پر (جا پہنچتا ہے) سیدھا راستہ |
| وَ مِنْهَا جَآئِرٌ ؕ وَ لَوْ شَآءَ | اور ان میں سے کچھ ٹیڑھے (راستے) ہیں اور اگر وہ چاہتا |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| فِيْهَا | : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ | بِشِقِّ | مشقت، محنت و مشقت۔ |
| جَمَالٌ | : حسن و جمال، جمیل۔ | الْاَنْفُسِ | : نفس، نفسا نفسی، نظام تنفس۔ |
| تَحْمِلُ | : حمل، محمول، حامل رقعہ ہذا۔ | رَّحِيْمٌ | : رحمت، رحم، مرحوم۔ |
| اَثْقَالَكُمْ | : ثقیل، کشش ثقل۔ | زِيْنَةً | : مزین، تزئین و آرائش۔ |
| اِلٰى | : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔ | يَخْلُقُ | : خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔ |
| بَلَدٍ | : بلدیہ، بلدیات، طول بلد۔ | تَعْلَمُوْنَ | : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔ |
| بٰلِغِيْهِ | : بالغ، بلوغت، ذرائع ابلاغ۔ | السَّبِيْلِ | : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔ |
| اِلَّا | : الا ماشاءاللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔ | شَآءَ | : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَكُمْ | فِيْهَا | جَمَالٌ ❶ | حِيْنَ | تُرِيْحُوْنَ |
| اور | تمہارے لیے | ان میں | ایک رونق ہوتی ہے | جب | تم سب شام کو چرا کر لاتے ہو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | حِيْنَ | تَسْرَحُوْنَ ﴿6﴾ | وَ | تَحْمِلُ ❷ | اَثْقَالَكُمْ |
| اور | جب | تم سب صبح چرانے کو لے کر جاتے ہو | اور | اٹھا کر لے جاتے ہیں | تمہارے بوجھ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰى بَلَدٍ | لَّمْ تَكُوْنُوْا | بٰلِغِيْهِ | اِلَّا | بِشِقِّ | الْاَنْفُسِ |
| (اس) شہر تک | نہیں تھے تم سب | پہنچنے والے اس تک | مگر | مشقت کیساتھ | جانوں کی |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | رَبَّكُمْ | لَرَءُوْفٌ ❸ | رَّحِيْمٌ ❸ ﴿7﴾ | وَّ | الْخَيْلَ |
| بیشک | تمہارا رب | یقیناً نرمی کرنے والا | نہایت رحم والا | اور | گھوڑے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْبِغَالَ | وَ | الْحَمِيْرَ | لِتَرْكَبُوْهَا ❹ | وَ | زِيْنَةً ❺ |
| اور | خچر | اور | گدھے | تاکہ تم سب سواری کرو ان پر | اور | زینت |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يَخْلُقُ | مَا | لَا تَعْلَمُوْنَ ❻ ﴿8﴾ | وَ | عَلَى اللّٰهِ |
| اور | وہ پیدا کرتا ہے | جو | نہیں تم سب جانتے | اور | اللہ پر |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قَصْدُ | السَّبِيْلِ | وَ | مِنْهَا | جَآئِرٌ | وَلَوْ | شَآءَ |
| سیدھا | راستہ | اور | ان میں سے (کچھ) | ٹیڑھے (راستے) | اور اگر | وہ چاہتا |

**ضروری وضاحت**

❶ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ تـ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لائی ہو تو اسکے آخر سے "ا" کو گرا دیتے ہیں۔ ❺ ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
❻ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

| | |
|---|---|
| لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿9﴾ ع 1 9 7 | (تو) ضرور ہدایت دے دیتا تم سب کو۔ ﴿9﴾ |
| هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ | وہی ہے جس نے نازل کیا آسمان سے |
| مَآءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ | پانی تمہارے لیے اس سے کچھ پینا ہے |
| وَّمِنْهُ شَجَرٌ فِيْهِ تُسِيْمُوْنَ ﴿10﴾ | اور اسی سے پودے ہیں (کہ) اس میں تم چراتے ہو۔ ﴿10﴾ |
| يُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ | وہ اُگاتا ہے تمہارے لیے اس کے ذریعے |
| الزَّرْعَ وَالزَّيْتُوْنَ وَالنَّخِيْلَ | کھیتی اور زیتون اور کھجور |
| وَالْاَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ | اور انگور اور ہر طرح کے پھل |
| اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً | بے شک اس میں یقیناً نشانی ہے |
| لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿11﴾ | ان لوگوں کے لیے (کہ) وہ غور وفکر کرتے ہیں۔ ﴿11﴾ |
| وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۙ | اور اس نے مسخر کر دیا تمہارے لیے رات اور دن کو |
| وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ | اور سورج اور چاند کو |
| وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمْرِهٖ ؕ | اور ستارے مسخر ہیں اس کے حکم سے |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَهَدٰىكُمْ : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
اَنْزَلَ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
السَّمَآءِ : کتب سماویہ، ارض وسما۔
شَجَرٌ : شجر، اشجار، شجر کاری۔
يُنْۢبِتُ : نباتات۔
الزَّرْعَ : زراعت، زرعی زمین، مزارع۔
الزَّيْتُوْنَ : زیتون، روغنِ زیتون۔
النَّخِيْلَ : نخلستان (کھجوروں کا باغ)۔
الثَّمَرٰتِ : ثمر، ثمرات۔
يَّتَفَكَّرُوْنَ : فکر، مفکر، تفکر، تفکرات۔
سَخَّرَ : مسخر، تسخیر۔
الَّيْلَ : لیل ونہار، لیلۃ القدر۔
النَّهَارَ : نہار منہ، لیل ونہار، نہاری۔
الشَّمْسَ : شمس وقمر، نظام شمسی، شمسی توانائی۔
النُّجُوْمُ : نجم، نجوم، نجومی۔
بِاَمْرِهٖ : امر، آمر، مامور، امارت۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

ع 1/9/7

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَهَدٰىكُمْ ① | اَجْمَعِيْنَ ﴿9﴾ | هُوَ | الَّذِيْٓ | اَنْزَلَ ② | مِنَ السَّمَآءِ |
| ضرور ہدایت دے دیتا تمہیں | سب کے سب | وہ | جس نے | اتارا | آسمان سے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مَآءً | لَّكُمْ | مِّنْهُ | شَرَابٌ ③ | وَّ | مِنْهُ | شَجَرٌ |
| پانی | تمہارے لیے | اس سے | کچھ پینا ہے | اور | اسی سے | پودے ہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهِ | تُسِيْمُوْنَ ﴿10﴾ | يُنْۢبِتُ | لَكُمْ | بِهِ ④ | الزَّرْعَ |
| اس میں | تم سب چراتے ہو | وہ اُگاتا ہے | تمہارے لیے | اس کے ذریعے | کھیتی |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَالزَّيْتُوْنَ | وَالنَّخِيْلَ | وَالْاَعْنَابَ | وَ | مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ⑤ ط |
| اور زیتون | اور کھجور | اور انگور | اور | ہر (طرح) کے پھلوں سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ ⑥ | لَاٰيَةً ⑤ | لِّقَوْمٍ | يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿11﴾ |
| بے شک | اس میں | یقیناً نشانی ہے | ان لوگوں کے لیے | وہ سب غور وفکر کرتے ہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | سَخَّرَ | لَكُمُ | الَّيْلَ ⑦ | وَالنَّهَارَ ⑦ لا | وَالشَّمْسَ ⑦ |
| اور | اس نے مسخر کر دیا | تمہارے لیے | رات | اور دن کو | اور سورج |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْقَمَرَ ⑦ ط | وَ | النُّجُوْمُ | مُسَخَّرٰتٌۢ | بِاَمْرِهٖ ④ ط |
| اور | چاند | اور | ستارے | سب مسخر ہیں | اس کے حکم سے |

### ضروری وضاحت

① كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔ ② اَنْزَلَ کے شروع میں اَ فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے مثلاً: نَزَلَ: اترا، اَنْزَلَ: اُتارا۔ ③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ⑤ ةٌ اور اتٌ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑥ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔ ⑦ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ | بے شک اس میں یقیناً نشانیاں ہیں |
| لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿12﴾ | ان لوگوں کے لیے (جو) عقل سے کام لیتے ہیں۔ ﴿12﴾ |
| وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ | اور جو کچھ اس نے پھیلا دیا تمہارے لیے زمین میں |
| مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ؕ | (کہ) مختلف ہیں اسکے رنگ |
| اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً | بیشک اس میں یقیناً نشانی ہے |
| لِّقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿13﴾ | ان لوگوں کے لیے (جو) نصیحت حاصل کرتے ہیں۔ ﴿13﴾ |
| وَهُوَ الَّذِيْ سَخَّرَ الْبَحْرَ | اور وہی ہے جس نے مسخر کر دیا سمندر کو |
| لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا | تا کہ تم کھاؤ اس سے تازہ گوشت |
| وَّتَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْيَةً | اور تم نکالو اس سے سامانِ زینت |
| تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ | (کہ) تم پہنتے ہو اُنہیں، اور تو دیکھتا ہے کشتیوں کو |
| مَوَاخِرَ فِيْهِ | پانی چیرتی چلی جانے والی ہیں اس میں |
| وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ | اور تا کہ تم تلاش کرو اس کے فضل سے |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| فِيْ | : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ | سَخَّرَ | : مسخر، تسخیر۔ |
| لَاٰيٰتٍ | : آیت، آیات قرآنی۔ | الْبَحْرَ | : بحر قلزم، بحیرۂ عرب، عالم متبحر۔ |
| لِّقَوْمٍ | : قوم، اقوام، قومیت۔ | لِتَاْكُلُوْا | : اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔ |
| يَّعْقِلُوْنَ | : عقل، عاقل، معقول۔ | لَحْمًا | : ماءاللحم، لحمیات، لحیم شحیم۔ |
| مَا | : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔ | تَسْتَخْرِجُوْا | : خارج، خروج، اخراج۔ |
| الْاَرْضِ | : ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔ | تَلْبَسُوْنَهَا | : لباس، ملبوسات، ملبوس۔ |
| مُخْتَلِفًا | : خلاف، مخالف، اختلاف، مختلف۔ | تَرَى | : مرئی وغیر مرئی اشیاء، رویت ہلال۔ |
| يَذَّكَّرُوْنَ | : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذکورہ۔ | فَضْلِهٖ | : فضل، فضیلت، فاضل، افضل۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ ❶ | لَاٰيٰتٍ ❷❸ | لِّقَوْمٍ ❹ | يَّعْقِلُوْنَ ﴿12﴾ |
| بے شک | اس میں | یقیناً نشانیاں | ان لوگوں کے لیے | وہ سب عقل سے کام لیتے ہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَمَا | ذَرَاَ | لَكُمْ | فِي الْاَرْضِ | مُخْتَلِفًا | اَلْوَانُهٗ ط |
| اور جو | اس نے پھیلا دیا | تمہارے لیے | زمین میں | مختلف | اسکے رنگ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ ❶ | لَاٰيَةً ❷❸ | لِّقَوْمٍ ❹ | يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿13﴾ |
| بیشک | اس میں | یقیناً نشانی | ان لوگوں کے لیے | وہ سب نصیحت حاصل کرتے ہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هُوَ | الَّذِيْ | سَخَّرَ | الْبَحْرَ | لِتَاْكُلُوْا ❹ |
| اور | وہ | جس نے | مسخر کر دیا | سمندر کو | تا کہ تم سب کھاؤ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِنْهُ | لَحْمًا | طَرِيًّا | وَّ | تَسْتَخْرِجُوْا | مِنْهُ |
| اس سے | گوشت | تازہ | اور | تم سب نکالو | اس سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| حِلْيَةً ❸ | تَلْبَسُوْنَهَا ج | وَ | تَرَى | الْفُلْكَ |
| سامان زینت | تم سب پہنتے ہو اُنہیں | اور | تو دیکھتا ہے | کشتیوں کو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مَوَاخِرَ | فِيْهِ | وَ | لِتَبْتَغُوْا ❹ | مِنْ فَضْلِهٖ |
| پانی چیرتی چلی جانے والی | اس میں | اور | تا کہ تم سب تلاش کرو | اس کے فضل سے |

### ضروری وضاحت

❶ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہوتا ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اس بھی کر دیا جاتا ہے، دراصل جب بھی بات میں زور پیدا کرنا ہو اشارہ بعید استعمال کیا جاتا ہے، اس لیے قرآن مجید میں ذٰلِكَ، تِلْكَ اور اُولٰٓئِكَ کا استعمال بہت زیادہ ہے۔ ❷ علامت لَ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ❸ ة اور ات اسم کے ساتھ مؤنث کی علامتیں ہیں، جس کا الگ رنگ میں ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہے۔ ❹ اسم کے شروع میں لِ کا ترجمہ کے لیے اور فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ تاکہ یا چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿14﴾ | اور تاکہ تم شکر کرو (اسکی نعمتوں کا)۔ ﴿14﴾ |
| وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ | اور اس نے گاڑ دیے زمین میں پہاڑ |
| اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَاَنْهٰرًا | کہ وہ ہلا (نہ) دے تم کو، اور نہریں |
| وَّسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿15﴾ | اور راستے (بنائے) تاکہ تم راہ پاؤ۔ ﴿15﴾ |
| وَعَلٰمٰتٍ ؕ | اور (راستوں میں) نشانات (بنائے) |
| وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿16﴾ | اور ستاروں سے وہ لوگ راستہ معلوم کرتے ہیں۔ ﴿16﴾ |
| اَفَمَنْ يَّخْلُقُ | تو کیا وہ جو پیدا کرتا ہے |
| كَمَنْ لَّا يَخْلُقُ ؕ | اس کی طرح (ہوسکتا) ہے جو نہیں پیدا کرتا |
| اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿17﴾ | پھر کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرتے۔ ﴿17﴾ |
| وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ | اور اگر تم شمار کرو اللہ کی نعمت کو |
| لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ | (تو) شمار نہ کر پاؤ گے اسے، بے شک اللہ |
| لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿18﴾ | یقیناً بہت بخشنے والا، نہایت رحم والا ہے۔ ﴿18﴾ |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- وَ : لیل ونہار، شان وشوکت، جنگ وجدل۔
- تَشْكُرُوْنَ : شکر، شاکر، شکرگزار، اظہار تشکر۔
- الْاَرْضِ : ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
- اَنْهٰرًا : نہر، انہار، نہریں، محکمہ انہار۔
- سُبُلًا : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
- تَهْتَدُوْنَ : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
- عَلٰمٰتٍ : علامت، علامات، علامتی طور پر۔
- بِالنَّجْمِ : نجم، علم نجوم، نجومی۔
- يَّخْلُقُ : خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔
- كَمَنْ : کما حقہ، کالعدم۔
- لَّا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
- تَذَكَّرُوْنَ : ذکر، اذکار، تذکیر۔
- تَعُدُّوْا : عدد، معدود، متعدد، تعداد۔
- نِعْمَةَ : نعمت، انعام، منعم، نعمتیں۔
- لَغَفُوْرٌ : مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
- رَّحِيْمٌ : رحمت، رحم، مرحوم۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ⑭ [1] | وَ | اَلْقٰى | فِي الْاَرْضِ |
| اور | تاکہ تم سب شکر کرو | اور | اس نے گاڑ دیے | زمین میں |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| رَوَاسِيَ | اَنْ | تَمِيْدَ [2] | بِكُمْ [3] | وَ | اَنْهٰرًا | وَّ |
| پہاڑ | کہ | وہ ہلا نہ دے | تم کو | اور | نہریں | اور |

| | | | |
|---|---|---|---|
| سُبُلًا | لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ⑮ لا [1] | وَ | عَلٰمٰتٍ ط [4] |
| راستے | تاکہ تم سب راہ پاؤ | اور | نشانات (بنائے) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | بِالنَّجْمِ | هُمْ يَهْتَدُوْنَ ⑯ [5] | اَفَمَنْ [6] |
| اور | ستاروں سے | وہ سب راستہ معلوم کرتے ہیں | تو کیا جو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَّخْلُقُ | كَمَنْ | لَّا | يَخْلُقُ ط | اَفَلَا [6] |
| وہ پیدا کرتا ہے | (اس) کی طرح (ہوسکتا ہے) جو | نہیں | وہ پیدا کرتا | پھر کیا نہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تَذَكَّرُوْنَ ⑰ | وَ | اِنْ | تَعُدُّوْا | نِعْمَةَ اللّٰهِ [4] |
| تم سب نصیحت حاصل کرتے | اور | اگر | تم سب شمار کرو | اللہ کی نعمت |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَا تُحْصُوْهَا ط [7] | اِنَّ | اللّٰهَ | لَغَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ ⑱ |
| نہ تم سب شمار کر پاؤ گے اسے | بے شک | اللہ | یقیناً بہت بخشنے والا | نہایت رحم والا |

## ضروری وضاحت

❶ كُمْ اور تـ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔ ❷ تـ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ❹ ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ هُمْ اور يـ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ❻ علامت اَ کے بعد فَ یا وَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لانی ہو تو اسکے آخر سے "ا" کو گرا دیتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ | اور اللہ جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو |
| وَمَا تُعْلِنُوْنَ ﴿19﴾ وَالَّذِيْنَ | اور جو تم ظاہر کرتے ہو۔ ﴿19﴾ اور وہ لوگ جنہیں |
| يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ | وہ پکارتے ہیں اللہ کے علاوہ |
| لَا يَخْلُقُوْنَ شَيْئًا | نہیں وہ پیدا کرتے کچھ بھی |
| وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ﴿20﴾ | اور وہ (خود) پیدا کیے جاتے ہیں۔ ﴿20﴾ |
| اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَآءٍ ۚ وَمَا | مردے ہیں زندہ نہیں ہیں، اور نہیں |
| يَشْعُرُوْنَ ۙ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿21﴾ | وہ جانتے (کہ) کب وہ اٹھائے جائیں گے۔ ﴿21﴾ |
| اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ | تمہارا معبود ایک معبود ہے |
| فَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ | پس وہ لوگ جو نہیں ایمان رکھتے آخرت پر |
| قُلُوْبُهُمْ مُّنْكِرَةٌ | ان کے دل انکار کرنے والے ہیں |
| وَّهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ﴿22﴾ | اس حال میں کہ وہ بہت تکبر کرنے والے ہیں۔ ﴿22﴾ |
| لَا جَرَمَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ | کوئی شک نہیں کہ یقیناً اللہ جانتا ہے |

ع 2 12 8

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| يَعْلَمُ | علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔ | يَشْعُرُوْنَ | عقل وشعور۔ |
| تُسِرُّوْنَ | اسرار و رموز، پراسرار، سرنہاں۔ | اِلٰهُكُمْ | الٰہ العالمین، الوہیت۔ |
| تُعْلِنُوْنَ | علی الاعلان، علانیہ طور پر۔ | يُبْعَثُوْنَ | بعثت، مبعوث۔ |
| يَدْعُوْنَ | دعا، دعوت، مدعو، الداعی الی الخیر۔ | يُؤْمِنُوْنَ | ایمان، مؤمن، امن۔ |
| لَا | لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔ | بِالْاٰخِرَةِ | آخرت، یوم آخرت، آخری۔ |
| يَخْلُقُوْنَ | خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔ | قُلُوْبُهُمْ | قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔ |
| اَمْوَاتٌ | موت وحیات، سماع موتی، میت۔ | مُّنْكِرَةٌ | منکر، انکار، منکرین۔ |
| اَحْيَآءٍ | حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔ | مُّسْتَكْبِرُوْنَ | کبیر، اکبر، تکبر۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ اللّٰهُ | يَعْلَمُ | مَا | تُسِرُّوْنَ | وَمَا | تُعْلِنُوْنَ (19) |
| اور اللہ | وہ جانتا ہے | جو | تم سب چھپاتے ہو | اور جو | تم سب ظاہر کرتے ہو |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | الَّذِيْنَ | يَدْعُوْنَ | مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ [1] |
| اور | وہ لوگ جنہیں | وہ سب پکارتے ہیں | اللہ کے علاوہ |

ع 2 12 8

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَخْلُقُوْنَ | شَيْئًا | وَّ | هُمْ يُخْلَقُوْنَ [2][3] (20) | اَمْوَاتٌ |
| نہیں | وہ سب پیدا کرتے | کچھ بھی | اور | وہ سب پیدا کیے جاتے ہیں | مردے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| غَيْرُ | اَحْيَآءٍ | وَمَا | يَشْعُرُوْنَ | اَيَّانَ | يُبْعَثُوْنَ [3] (21) |
| نہیں | زندہ | اور نہیں | وہ سب جانتے | کب | وہ سب اٹھائے جائیں گے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِلٰهُكُمْ | اِلٰهٌ وَّاحِدٌ | فَالَّذِيْنَ | لَا | يُؤْمِنُوْنَ |
| تمہارا معبود | ایک معبود | پس وہ لوگ جو | نہیں | وہ سب ایمان رکھتے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بِالْاٰخِرَةِ | قُلُوْبُهُمْ | مُّنْكِرَةٌ [4][5] | وَّ | هُمْ |
| آخرت پر | ان کے دل | انکار کرنے والے | اس حال میں کہ | وہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مُّسْتَكْبِرُوْنَ [4] (22) | لَا جَرَمَ [6] | اَنَّ | اللّٰهَ | يَعْلَمُ |
| سب بہت تکبر کرنے والے | کوئی شک نہیں | کہ یقیناً | اللہ | وہ جانتا ہے |

**ضروری وضاحت**

1 یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ 2 هُمْ اور يُ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ 3 اگر يُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ 4 اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ 5 علامت ةً اسم کے ساتھ مؤنث کی علامت ہے، جس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ 6 لَا کے بعد اگر ایسا اسم ہو جسکے آخر میں زبر ہو تو اس لَا کا ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ؕ | جو وہ چھپاتے ہیں اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں۔ |
| اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ ﴿23﴾ | بیشک وہ نہیں پسند کرتا تکبر کرنے والوں کو۔ ﴿23﴾ |
| وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ مَّاذَآ اَنْزَلَ | اور جب کہا جائے ان سے کیا نازل کیا ہے |
| رَبُّكُمْ ۙ قَالُوْٓا | تمہارے رب نے، (تو) کہتے ہیں |
| اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿24﴾ لِيَحْمِلُوْٓا | پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں۔ ﴿24﴾ تاکہ وہ اٹھائیں |
| اَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۙ | اپنے مکمل بوجھ قیامت کے دن |
| وَمِنْ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ | اور (ان لوگوں کے) بوجھ میں سے (بھی) جنہیں |
| يُضِلُّوْنَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ | وہ گمراہ کرتے رہے انہیں بغیر علم کے |
| اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿25﴾ ع 3/4/9 | خبردار! برا ہے جو وہ بوجھ اٹھا رہے ہیں۔ ﴿25﴾ |
| قَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ | یقیناً تدبیریں کیں ان لوگوں نے جو |
| مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتَى اللّٰهُ | ان سے پہلے تھے تو آیا اللہ (خبر لینے کو) |
| بُنْيَانَهُمْ مِّنَ الْقَوَاعِدِ | ان (کے مکر) کی عمارت پر بنیادوں سے |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُسِرُّوْنَ : اسرار ورموز، پراسرار، سرنہاں۔
يُعْلِنُوْنَ : علی الاعلان، علانیہ طور پر۔
يُحِبُّ : حُب، حبیب، محُب، محبت۔
الْمُسْتَكْبِرِيْنَ : کبیر، اکبر، تکبر۔
قِيْلَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
اَنْزَلَ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
الْاَوَّلِيْنَ : اوّل وآخر، اوّل انعام، اوّل پوزیشن۔
لِيَحْمِلُوْٓا : حمل، محمول، حاملہ، حامل رقعہ ہٰذا۔

كَامِلَةً : کامل، مکمل، اکمل، کاملیت۔
يَّوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت۔
مِنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
يُضِلُّوْنَهُمْ : ضلالت وگمراہی۔
عِلْمٍ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
سَآءَ : علمائے سوء، اعمال سیئہ۔
قَبْلِهِمْ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
الْقَوَاعِدِ : قاعدہ، قواعد۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَا | يُسِرُّوْنَ | وَمَا | يُعْلِنُوْنَ ؕ | اِنَّهٗ | لَا يُحِبُّ |
| جو | وہ سب چھپاتے ہیں | اور جو | وہ سب ظاہر کرتے ہیں | بیشک وہ | نہیں وہ پسند کرتا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْمُسْتَكْبِرِيْنَ [1] (23) | وَ | اِذَا [2] | قِيْلَ | لَهُمْ | مَّاذَآ |
| سب تکبر کرنے والے | اور | جب | کہا جائے | ان سے | کیا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَنْزَلَ [3] | رَبُّكُمْ ۙ [4] | قَالُوْٓا | اَسَاطِيْرُ | الْاَوَّلِيْنَ (24) ۙ |
| نازل کیا | تمہارا رب | ان سب نے کہا | کہانیاں | پہلے لوگوں کی |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لِيَحْمِلُوْٓا | اَوْزَارَهُمْ [5] | كَامِلَةً [6] | يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۙ [6] | وَ |
| تاکہ وہ سب اٹھائیں | اپنے بوجھ | مکمل | قیامت کے دن | اور |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِنْ اَوْزَارِ | الَّذِيْنَ | يُضِلُّوْنَهُمْ | بِغَيْرِ | عِلْمٍ ؕ |
| بوجھ میں سے | جنہیں | وہ سب گمراہ کرتے رہے اُنہیں | بغیر | علم کے |

ع 3 4 9

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلَا | سَآءَ | مَا | يَزِرُوْنَ (25) ع | قَدْ [7] | مَكَرَ | الَّذِيْنَ |
| خبردار! | برا ہے | جو | وہ سب بوجھ اُٹھا رہے ہیں | یقیناً | تدبیریں کیں | ان لوگوں نے جو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِنْ قَبْلِهِمْ | فَاَتَى | اللّٰهُ | بُنْيَانَهُمْ [5] | مِّنَ الْقَوَاعِدِ |
| ان سے پہلے تھے | تو آیا | اللہ | ان کی عمارت پر | بنیادوں سے |

### ضروری وضاحت

(1) اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ (2) اِذَا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی اچانک بھی کیا جاتا ہے۔ (3) اَنْزَلَ کے شروع میں أ فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے مثلاً: نَزَلَ: اُترا، اَنْزَلَ: اُتارا۔ (4) كُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمھارا، تمھاری، تمھارے کیا جاتا ہے۔ (5) هُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ (6) ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ (7) قَدْ فعل کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔

| | |
|---|---|
| فَخَرَّ عَلَيۡهِمُ السَّقۡفُ مِنۡ فَوۡقِهِمۡ | تو گر پڑی ان پر چھت ان کے اوپر سے |
| وَاَتٰىهُمُ الۡعَذَابُ | اور آیا ان پر عذاب |
| مِنۡ حَيۡثُ لَا يَشۡعُرُوۡنَ ﴿26﴾ | جہاں سے وہ سوچ بھی نہ رکھتے تھے۔ ﴿26﴾ |
| ثُمَّ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ يُخۡزِيۡهِمۡ | پھر قیامت کے دن وہ رسوا کرے گا انہیں |
| وَيَقُوۡلُ اَيۡنَ شُرَكَآءِىَ الَّذِيۡنَ | اور کہے گا کہاں ہیں میرے وہ شریک جو |
| كُنۡتُمۡ تُشَآقُّوۡنَ فِيۡهِمۡ ؕ | (کہ) تھے تم لڑتے جھگڑتے ان کے بارے میں |
| قَالَ الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡعِلۡمَ | کہیں گے وہ لوگ جنہیں علم دیا گیا |
| اِنَّ الۡخِزۡىَ الۡيَوۡمَ | بے شک رسوائی آج کے دن |
| وَالسُّوۡٓءَ عَلَى الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿27﴾ | اور برائی کافروں پر ہے۔ ﴿27﴾ |
| الَّذِيۡنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الۡمَلٰٓئِكَةُ | جو (کہ) جانیں نکالتے ہیں انکی فرشتے (اس حال میں کہ) |
| ظَالِمِىۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ ۖ | وہ ظلم کرنے والے ہوتے ہیں اپنی جانوں پر |
| فَاَلۡقَوُا السَّلَمَ | تو (مرتے وقت) صلح پیش کرتے ہیں |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| عَلَيۡهِمۡ | : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ | الۡعِلۡمَ | : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔ |
| فَوۡقِهِمۡ | : فوق، فوقیت، مافوق الفطرت۔ | السُّوۡٓءَ | : علمائے سوء، اعمال سیئہ۔ |
| الۡعَذَابُ | : عذاب، عذاب آخرت، تعذیب۔ | الۡكٰفِرِيۡنَ | : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔ |
| يَشۡعُرُوۡنَ | : عقل و شعور، لاشعور، شعوری طور پر۔ | تَتَوَفّٰىهُمُ | : فوت، وفات، فوتگی۔ |
| يَوۡمَ | : یوم، ایام، یوم آخرت۔ | الۡمَلٰٓئِكَةُ | : ملک الموت، ملائکہ۔ |
| يَقُوۡلُ | : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ | ظَالِمِىۡۤ | : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔ |
| شُرَكَآءِ | : شرک، شریک، مشرک، شراکت۔ | اَنۡفُسِهِمۡ | : نفس، نفسا نفسی، نظام تنفس۔ |
| فِيۡهِمۡ | : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ | السَّلَمَ | : سلامت، سلامتی مسلم، مسلمان۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَخَرَّ | عَلَيۡهِمُ | السَّقۡفُ | مِنۡ فَوۡقِهِمۡ | وَ | اَتٰىهُمُ |
| تو گر پڑی | اُن پر | چھت | ان کے اوپر سے | اور | آیا ان پر |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الۡعَذَابُ ① | مِنۡ حَيۡثُ | لَا | يَشۡعُرُوۡنَ (26) | ثُمَّ |
| عذاب | جہاں سے | نہیں | وہ سب سوچ رکھتے تھے | پھر |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ② | يُخۡزِيۡهِمۡ | وَيَقُوۡلُ | اَيۡنَ | شُرَكَآءِيَ |
| قیامت کے دن | وہ رسوا کرے گا اُنہیں | اور وہ کہے گا | کہاں ہیں | میرے شریک |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الَّذِيۡنَ | كُنۡتُمۡ تُشَآقُّوۡنَ ③ | فِيۡهِمۡ ؕ | قَالَ | الَّذِيۡنَ |
| جو | تھے تم سب لڑتے جھگڑتے | ان (کے بارے) میں | کہیں گے | وہ لوگ جن |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اُوۡتُوا | الۡعِلۡمَ | اِنَّ | الۡخِزۡيَ | الۡيَوۡمَ | وَالسُّوۡٓءَ |
| سب کو دیا گیا | علم | بے شک | رسوائی | آج | اور برائی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَاِنَّ لَكُمْ فِی الْاَنْعَامِ | اور بے شک تمہارے لیے چوپاؤں میں |
| لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِيْكُمْ | یقیناً بڑی عبرت ہے، ہم پلاتے ہیں تمہیں |
| مِّمَّا فِیْ بُطُوْنِهٖ | اس میں سے جو ان کے پیٹوں میں ہے |
| مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ | (یعنی) گوبر اور خون کے درمیان سے |
| لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا | خالص دودھ (جو) حلق سے آسانی سے اُتر جانیوالا ہے |
| لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿66﴾ | پینے والوں کے لیے۔ ﴿66﴾ |
| وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ | اور کھجوروں اور انگوروں کے پھلوں سے (بھی) |
| تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا | (کہ) تم بناتے ہو اس سے نشہ آور چیزیں |
| وَّرِزْقًا حَسَنًا ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً | اور اچھا رزق، بے شک اس میں یقیناً نشانی ہے |
| لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿67﴾ | اس قوم کے لیے (جو) سمجھتے ہیں۔ ﴿67﴾ |
| وَاَوْحٰى رَبُّكَ | اور الہام کیا تیرے رب نے |
| اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِیْ | شہد کی مکھی کی طرف کہ تو بنا |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| فِیْ | فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ | ثَمَرٰتِ | ثمر، ثمرات۔ |
| لَعِبْرَةً | نشانِ عبرت، عبرتناک، عبرت آموز۔ | تَتَّخِذُوْنَ | اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔ |
| نُسْقِيْكُمْ | ساقی، ساقیٔ کوثر۔ | رِزْقًا | رزق، رزّاق، رازق۔ |
| بُطُوْنِهٖ | بطنِ مادر۔ | حَسَنًا | حسنہ، حسنات، قرضِ حسنہ۔ |
| مِنْ | منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | لَاٰيَةً | آیت، آیاتِ قرآنی۔ |
| بَيْنِ | بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔ | يَّعْقِلُوْنَ | عقل، عاقل، معقول۔ |
| خَالِصًا | خالص، خلوص، مخلص۔ | اَوْحٰى | وحی، وحیِ متلو۔ |
| لِّلشّٰرِبِيْنَ | شراب، شربت، مشروب، اکل وشرب۔ | اِلَى | مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَاِنَّ | لَكُمْ ❶ | فِي الْاَنْعَامِ | لَعِبْرَةً ❷ ؕ | نُسْقِيْكُمْ |
| اور بیشک | تمہارے لیے | چوپاؤں میں | یقیناً عبرت | ہم پلاتے ہیں تمہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِّمَّا ❸ | فِيْ بُطُوْنِهٖ | مِنْۢ بَيْنِ | فَرْثٍ | وَّدَمٍ |
| (اس) میں سے جو | ان کے پیٹوں میں | درمیان سے | گوبر | اور خون |

| | | | |
|---|---|---|---|
| لَّبَنًا | خَالِصًا | سَآئِغًا ❹ | لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿66﴾ |
| دودھ | خالص | (جو) حلق سے آسانی سے اُتر جانیوالا ہے | پینے والوں کے لیے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | مِنْ ثَمَرٰتِ ❷ | النَّخِيْلِ | وَ | الْاَعْنَابِ |
| اور | پھلوں سے | کھجوروں | اور | انگوروں کے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| تَتَّخِذُوْنَ | مِنْهُ | سَكَرًا | وَّ | رِزْقًا | حَسَنًا ؕ |
| تم سب بناتے ہو | اس سے | نشہ آور چیزیں | اور | رزق | اچھا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ ❺ | لَاٰيَةً ❷ | لِّقَوْمٍ | يَّعْقِلُوْنَ ﴿67﴾ |
| بے شک | اس میں | یقیناً نشانی | قوم کے لیے | وہ سب سمجھتے ہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَوْحٰى | رَبُّكَ ❻ | اِلَى النَّحْلِ | اَنِ | اتَّخِذِيْ ❼ |
| اور | الہام کیا | تیرے رب نے | شہد کی مکھی کی طرف | کہ | تو (مؤنث) بنا |

**ضروری وضاحت**

❶ لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ کر دیا گیا ہے۔ ❷ ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ مِمَّا دراصل مِنْ+مَا کا مجموعہ ہے۔ ❹ فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❻ كَ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تیرا، تیری، تیرے کیا جاتا ہے۔ ❼ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں يْ ہو تو اس میں واحد مؤنث کو حکم دینے کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّ مِنَ الشَّجَرِ | پہاڑوں میں گھر اور درختوں میں |
| وَ مِمَّا يَعْرِشُوْنَ ﴿68﴾ | اور ان میں جن (چھپروں) پر یہ لوگ بیلیں چڑھاتے ہیں۔﴿68﴾ |
| ثُمَّ كُلِيْ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ | پھر تو کھا ہر قسم کے پھلوں سے |
| فَاسْلُكِيْ سُبُلَ رَبِّكِ | پھر تو چل اپنے رب کے راستوں پر |
| ذُلُلًا ؕ يَخْرُجُ | (جو) مسخر کیے ہوئے ہیں، نکلتی ہے |
| مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ | انکے پیٹوں سے پینے کی ایک چیز |
| مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ | مختلف ہیں اس کے رنگ |
| فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ | اس میں شفاء ہے لوگوں کے لیے |
| اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً | بے شک اس میں یقیناً نشانی ہے |
| لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿69﴾ | اس قوم کے لیے (جو) غور و فکر کرتے ہیں۔﴿69﴾ |
| وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ ۫ | اور اللہ ہی نے تمہیں پیدا کیا پھر وہ فوت کرتا ہے تمہیں |
| وَ مِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ | اور تم میں سے (کوئی وہ ہے) جو لوٹایا جاتا ہے |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَلْجِبَالِ | جبلِ اُحد، جبلِ رحمت۔ | بُطُوْنِهَا | بطنِ مادر۔ |
| بُيُوْتًا | بیت اللہ، بیت المقدس، بیت الخلا۔ | شَرَابٌ | شراب، شربت، مشروب، اکل و شرب۔ |
| الشَّجَرِ | شجر، اشجار، شجر کاری، شجرِ ممنوعہ۔ | اَلْوَانُهٗ | متلون مزاج (رنگین)۔ |
| كُلِيْ | اکل و شرب، ماکولات و مشروبات۔ | شِفَآءٌ | شفاء، ہوالشافی، شفاءِ کاملہ۔ |
| الثَّمَرٰتِ | ثمر، ثمرات۔ | يَّتَفَكَّرُوْنَ | فکر، مفکر، تفکر، تفکرات۔ |
| فَاسْلُكِيْ | مسلک، سلوک، مسالک۔ | خَلَقَكُمْ | خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔ |
| سُبُلَ | فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔ | يَتَوَفّٰىكُمْ | فوت، وفات، فوتگی، متوفی۔ |
| يَخْرُجُ | خارج، خروج، اخراج، وزیرِ خارجہ۔ | يُّرَدُّ | رد، مردود، تردید، مرتد۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِنَ الْجِبَالِ | بُيُوْتًا | وَّ | مِنَ الشَّجَرِ | وَ |
| پہاڑوں سے | گھر | اور | درختوں سے | اور |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِمَّا ❶ | يَعْرِشُوْنَ ﴿68﴾ | ثُمَّ | كُلِيْ ❷❸ | مِنْ كُلِّ |
| (ان) سے جن (چھپروں پر) | یہ سب لوگ بیلیں چڑھاتے ہیں | پھر | تو کھا | ہر (قسم) سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الثَّمَرٰتِ ❹ | فَاسْلُكِيْ ❸❺ | سُبُلَ | رَبِّكِ | ذُلُلًا |
| پھل | پھر تو چل | راستے | اپنے رب کے | (جو) مسخر کیے ہوئے ہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَخْرُجُ | مِنْ بُطُوْنِهَا | شَرَابٌ ❻ | مُّخْتَلِفٌ | اَلْوَانُهٗ |
| وہ نکلتی ہے | انکے پیٹوں سے | پینے کی ایک چیز | مختلف ہیں | اس کے رنگ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهِ | شِفَآءٌ | لِّلنَّاسِ | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ ❼ | لَاٰيَةً ❹ |
| اس میں | شفاء ہے | لوگوں کے لیے | بے شک | اس میں | یقیناً نشانی ہے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| لِّقَوْمٍ | يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿69﴾ | وَاللّٰهُ | خَلَقَكُمْ |
| قوم کے لیے | وہ سب غور وفکر کرتے ہیں | اور اللہ | اس نے پیدا کیا تمہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | يَتَوَفّٰىكُمْ | وَ | مِنْكُمْ | مَّنْ | يُّرَدُّ ❽ |
| پھر | وہ فوت کرتا ہے تمہیں | اور | تم میں سے | جو | وہ لوٹایا جاتا ہے |

## ضروری وضاحت

❶ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ❷ یہ دراصل اُءْ كُلِيْ تھا، آسانی کے لیے شروع والے دونوں ہمزے گرا دیے گئے ہیں۔ ❸ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں يْ ہو تو واحد مؤنث کو حکم دینے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ ةٌ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں۔ ❺ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔ ❻ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❽ اگر يُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ | ناکارہ عمر (بڑھاپے) کی طرف |
| لِكَیْ لَا یَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَیْـًٔا ؕ | تاکہ وہ نہ جانے جان لینے کے بعد کچھ بھی |
| اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌ قَدِیْرٌ ﴿70﴾ ع 9 5 15 | بیشک اللہ خوب علم والا، بہت قدرت والا ہے۔ ﴿70﴾ |
| وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ | اور اللہ نے فضیلت دی تمہارے بعض کو |
| عَلٰى بَعْضٍ فِی الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِیْنَ | بعض پر رزق میں، تو نہیں ہیں وہ لوگ جو |
| فُضِّلُوْا بِرَآدِّیْ رِزْقِهِمْ | فضیلت دیے گئے ہرگز لوٹانے والے اپنا رزق |
| عَلٰى مَا مَلَكَتْ اَیْمَانُهُمْ | (ان غلاموں) پر جن کے مالک بنے انکے دائیں ہاتھ |
| فَهُمْ فِیْهِ سَوَآءٌ ؕ | (کہ) پس وہ ہوں اس (رزق) میں برابر |
| اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ یَجْحَدُوْنَ ﴿71﴾ | تو کیا اللہ کی نعمت کا وہ انکار کرتے ہیں۔ ﴿71﴾ |
| وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ | اور اللہ ہی نے بنائیں تمہارے لیے |
| مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا | تمہارے نفسوں میں سے بیویاں |
| وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ | اور اس نے بنائے تمہارے لیے تمہاری بیویوں سے |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| اِلٰٓى | مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔ |
| اَرْذَلِ | رذیل، رذالت۔ |
| الْعُمُرِ | عمر، عمرِ دراز، عمریں بیت گئیں۔ |
| لَا | لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔ |
| یَعْلَمَ | علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔ |
| قَدِیْرٌ | قدرت، قادر، قدیر، مقدر۔ |
| فَضَّلَ | فضل، فضیلت، فاضل، افضل۔ |
| بَعْضَكُمْ | بعض الناس، بعض اوقات۔ |
| الرِّزْقِ | رزق، رزّاق، رازق۔ |
| بِرَآدِّیْ | رد، مردود، تردید، مرتد۔ |
| مَلَكَتْ | مالک، ملکیت۔ |
| اَیْمَانُهُمْ | یمین و یسار، میمنہ و میسرہ۔ |
| سَوَآءٌ | مساوی، مساوات، خط استواء۔ |
| اَفَبِنِعْمَةِ | نعمت، انعام، منعم حقیقی۔ |
| اَنْفُسِكُمْ | نفس، نفسانفسی، نظام تنفس۔ |
| اَزْوَاجًا | زوجہ، زوجین، ازواج مطہرات۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِلٰٓى اَرۡذَلِ الۡعُمُرِ ① | لِكَيۡ | لَا | يَعۡلَمَ | بَعۡدَ عِلۡمٍ |
| ناکارہ عمر کی طرف | اس لیے تاکہ | نہ | وہ جانے | علم کے بعد |

ع 9 5 15

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| شَيۡـًٔا ط | اِنَّ | اللّٰهَ | عَلِيۡمٌ ② | قَدِيۡرٌ ② (70) | وَاللّٰهُ |
| کچھ بھی | بیشک | اللہ | خوب علم والا | بہت قدرت والا ہے | اور اللہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَضَّلَ | بَعۡضَكُمۡ | عَلٰى بَعۡضٍ | فِى الرِّزۡقِ ج | فَمَا |
| اس نے فضیلت دی | تمہارے بعض کو | بعض پر | رزق میں | تو نہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيۡنَ | فُضِّلُوۡا ③ | بِرَآدِّىۡ ④⑤ | رِزۡقِهِمۡ | عَلٰى مَا | مَلَكَتۡ ⑥ |
| وہ لوگ جو | سب فضیلت دیے گئے | ہرگز لوٹانے والے | اپنا رزق | (اُن) پر جو | مالک بنے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَيۡمَانُهُمۡ | فَهُمۡ | فِيۡهِ | سَوَآءٌ ط | اَ | فَبِنِعۡمَةِ اللّٰهِ ⑥ |
| انکے دائیں ہاتھ | پس وہ | اس میں | برابر | کیا | پس اللہ کی نعمت کا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَجۡحَدُوۡنَ (71) | وَاللّٰهُ | جَعَلَ | لَكُمۡ | مِّنۡ اَنۡفُسِكُمۡ |
| وہ سب انکار کرتے ہیں | اور اللہ نے | بنایا | تمہارے لیے | تمہارے نفسوں میں سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَزۡوَاجًا | وَّ | جَعَلَ | لَكُمۡ | مِّنۡ اَزۡوَاجِكُمۡ |
| بیویاں | اور | اس نے بنائے | تمہارے لیے | تمہاری بیویوں سے |

**ضروری وضاحت**

①ناکارہ عمر سے مراد بڑھاپا ہے اور نبی اکرم ﷺ نے اس سے پناہ مانگی ہے۔ ②اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④علامت بِ سے پہلے اگر مَا آرہا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی، البتہ اس جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے اسی لیے ترجمہ ہرگز کیا گیا ہے۔ ⑤ ىۡ کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑥علامت تۡ اور ۃ مونث کی علامتیں ہیں جن کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

| | |
|---|---|
| بَنِيْنَ وَحَفَدَةً | بیٹے اور پوتے |
| وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ | اور اس نے رزق دیا تمہیں پاکیزہ چیزوں سے |
| اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ | تو کیا وہ باطل پر ایمان لاتے ہیں |
| وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُوْنَ ﴿72﴾ | اور اللہ کی نعمت کا وہ انکار کرتے ہیں۔ ﴿72﴾ |
| وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ | اور وہ عبادت کرتے ہیں اللہ کے سوا کی |
| مَا لَا يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا | جو نہیں اختیار رکھتے ان کے لیے رزق کا |
| مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ شَيْئًا | آسمانوں سے اور (نہ) زمین سے کچھ بھی |
| وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿73﴾ | اور نہ وہ طاقت رکھتے ہیں۔ ﴿73﴾ |
| فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ ؕ | پس مت بیان کرو اللہ کے لیے مثالیں |
| اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿74﴾ | بیشک اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ ﴿74﴾ |
| ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا | اللہ نے ایک مثال بیان کی |
| عَبْدًا مَّمْلُوْكًا | ایک (ایسے) غلام کی (جو) کسی کی ملکیت ہے |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| بَنِيْنَ | ابن قاسم، متنبّی، ابن سینا، ابن بطوطہ۔ | يَعْبُدُوْنَ | عبادت، عابد، معبود۔ |
| رَزَقَكُمْ | رزق، رزّاق، رازق۔ | مَا | ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔ |
| مِّنَ | منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | يَمْلِكُ | مالک، ملکیت۔ |
| الطَّيِّبٰتِ | طیب، طیبات، کلمہ طیبہ، مدینہ طیبہ۔ | السَّمٰوٰتِ | کتب سماویہ، ارض وسما۔ |
| اَفَبِالْبَاطِلِ | باطل، ادیان باطلہ۔ | الْاَرْضِ | ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔ |
| يُؤْمِنُوْنَ | ایمان، مؤمن، امن۔ | يَسْتَطِيْعُوْنَ | استطاعت، حسب استطاعت۔ |
| بِنِعْمَتِ | نعمت، انعام، منعم حقیقی۔ | تَضْرِبُوْا | ضرب المثل، ضرب الامثال۔ |
| يَكْفُرُوْنَ | کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔ | يَعْلَمُ | علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔ |

| بَنِيْنَ | وَ | حَفَدَةً (1) | وَّ | رَزَقَكُمْ | مِّنَ الطَّيِّبٰتِ (2) ط |
|---|---|---|---|---|---|
| بہت سے بیٹے | اور | پوتے | اور | اس نے رزق دیا تمہیں | پاکیزہ چیزوں سے |

| اَ | فَبِالْبَاطِلِ | يُؤْمِنُوْنَ | وَ | بِنِعْمَتِ اللّٰهِ (2) |
|---|---|---|---|---|
| کیا | پس باطل پر | وہ سب ایمان لاتے ہیں | اور | اللہ کی نعمت کا |

| هُمْ يَكْفُرُوْنَ (3) لا (72) | وَ | يَعْبُدُوْنَ | مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (4) |
|---|---|---|---|
| وہ سب انکار کرتے ہیں | اور | وہ سب عبادت کرتے ہیں | اللہ کے سوا |

| مَا | لَا يَمْلِكُ | لَهُمْ | رِزْقًا | مِّنَ السَّمٰوٰتِ (2) | وَالْاَرْضِ |
|---|---|---|---|---|---|
| جو | نہیں وہ اختیار رکھتے | ان کے لیے | رزق | آسمانوں سے | اور زمین |

| شَيْـًٔا | وَّ | لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ (5) ج (73) | فَلَا تَضْرِبُوْا (6) |
|---|---|---|---|
| کچھ بھی | اور | نہ وہ سب طاقت رکھتے ہیں | پس مت تم سب بیان کرو |

| لِلّٰهِ | الْاَمْثَالَ ط | اِنَّ | اللّٰهَ | يَعْلَمُ | وَ | اَنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کے لیے | مثالیں | بیشک | اللہ | وہ جانتا ہے | اور | تم |

| لَا تَعْلَمُوْنَ (5) (74) | ضَرَبَ | اللّٰهُ | مَثَلًا (7) | عَبْدًا (7) | مَّمْلُوْكًا |
|---|---|---|---|---|---|
| نہیں تم سب جانتے | بیان کی | اللہ نے | ایک مثال | ایک غلام کی | ملکیت ہے |

**ضروری وضاحت**

(1) یہاں ة واحد مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ (2) ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ (3) هُمْ اور یـ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ (4) لفظ دُوْنَ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ (5) لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ (6) لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔
(7) اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| لَّا يَقۡدِرُ عَلٰى شَىۡءٍ | وہ قدرت نہیں رکھتا کسی چیز پر |
| وَّمَنۡ رَّزَقۡنٰهُ مِنَّا | اور (دوسرا وہ شخص کہ) جس کو ہم نے دیا اپنی طرف سے |
| رِزۡقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنۡفِقُ مِنۡهُ | اچھا رزق، تو وہ خرچ کرتا ہے اس میں سے |
| سِرًّا وَّجَهۡرًا ؕ هَلۡ يَسۡتَوٗنَ ؕ | پوشیدہ طور پر اور ظاہری طور پر، کیا وہ برابر ہیں |
| اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ ؕ | سب تعریف اللہ کے لیے ہے |
| بَلۡ اَكۡثَرُهُمۡ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿75﴾ | بلکہ ان میں سے اکثر نہیں جانتے۔ ﴿75﴾ |
| وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا | اور بیان کی اللہ نے ایک (اور) مثال |
| رَّجُلَيۡنِ اَحَدُهُمَاۤ اَبۡكَمُ | دو آدمی ہیں ان دونوں میں سے ایک گونگا ہے |
| لَا يَقۡدِرُ عَلٰى شَىۡءٍ وَّهُوَ كَلٌّ | نہیں قدرت رکھتا کسی چیز پر اور وہ بوجھ ہے |
| عَلٰى مَوۡلٰٮهُ ۙ اَيۡنَمَا يُوَجِّهْهُّ | اپنے مالک پر، جہاں کہیں وہ بھیجتا ہے اسے |
| لَا يَاۡتِ بِخَيۡرٍ ؕ هَلۡ يَسۡتَوِىۡ هُوَ ۙ | نہیں وہ لاتا کوئی بھلائی، کیا برابر ہے وہ |
| وَمَنۡ يَّاۡمُرُ بِالۡعَدۡلِ ۙ | اور جو حکم دیتا ہے عدل کے ساتھ |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| يَقۡدِرُ | قدرت، قادر، قدیر، مقدر۔ | يَعۡلَمُوۡنَ | علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔ |
| رَّزَقۡنٰهُ | رزق، رزّاق، رازق۔ | ضَرَبَ | ضرب المثل، ضرب الامثال۔ |
| حَسَنًا | حسنہ، حسنات، قرض حسنہ۔ | مَثَلًا | مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔ |
| يُنۡفِقُ | نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔ | رَّجُلَيۡنِ | رجال کار، قحط الرجال۔ |
| سِرًّا | اسرار ورموز، پراسرار، سرنہاں۔ | مَوۡلٰٮهُ | ولی، اولیاء کرام، مولا، ولایت۔ |
| جَهۡرًا | جہری نمازیں، آمین بالجہر۔ | يُوَجِّهْهُّ | وجہ، متوجہ، توجہ، وجہ البصیرت۔ |
| يَسۡتَوٗنَ | مساوی، مساوات، خط استواء۔ | بِخَيۡرٍ | خیر، خیریت، جزائے خیر۔ |
| اَكۡثَرُهُمۡ | کثرت، اکثر، کثیر، اکثریت۔ | يَّاۡمُرُ | امر، آمر، مامور، امارت۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَا يَقْدِرُ | عَلٰى شَيْءٍ ❶ | وَ | مَنْ | رَّزَقْنٰهُ | مِنَّا ❷ |
| نہیں وہ قدرت رکھتا | کسی چیز پر | اور | جو | ہم نے دیا اُسے | اپنی طرف سے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| رِزْقًا | حَسَنًا | فَهُوَ يُنْفِقُ ❸ | مِنْهُ | سِرًّا | وَّجَهْرًا ؕ |
| رزق | اچھا | تو وہ خرچ کرتا ہے | اس میں سے | پوشیدہ | اور ظاہری |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| هَلْ | يَسْتَوٗنَ ؕ | اَلْحَمْدُ | لِلّٰهِ ؕ | بَلْ | اَكْثَرُهُمْ |
| کیا | وہ سب برابر ہیں | سب تعریف | اللہ کے لیے | بلکہ | ان میں سے اکثر |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَا يَعْلَمُوْنَ ❹ ﴿75﴾ | وَ | ضَرَبَ | اللّٰهُ ❺ | مَثَلًا ❶ | رَّجُلَيْنِ |
| نہیں وہ سب جانتے | اور | بیان کی | اللہ نے | ایک مثال | دو آدمی |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَحَدُهُمَآ | اَبْكَمُ | لَا يَقْدِرُ | عَلٰى شَيْءٍ ❶ | وَّهُوَ | كَلٌّ |
| ان دونوں میں سے ایک | گونگا ہے | نہیں وہ قدرت رکھتا | کسی چیز پر | اور وہ | بوجھ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عَلٰى مَوْلٰىهُ ۙ | اَيْنَمَا | يُوَجِّهْهُّ | لَا يَاْتِ ❻❼ | بِخَيْرٍ ❶ ؕ |
| اپنے مالک پر | جہاں کہیں | وہ بھیجتا ہے اُسے | نہیں وہ لاتا | کسی بھلائی کو |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| هَلْ | يَسْتَوِيْ | هُوَ ۙ | وَ | مَنْ | يَّاْمُرُ | بِالْعَدْلِ ۙ |
| کیا | وہ برابر ہیں | وہ | اور | جو | وہ حکم دیتا ہے | عدل کے ساتھ |

### ضروری وضاحت

❶ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کسی یا ایک کیا گیا ہے۔ ❷ مِنَّا دراصل مِنْ + نَا کا مجموعہ ہے۔ ❸ هُوَ اور يُ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ❹ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❺ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ❻ یہ دراصل لَا يَاْتِيْ تھا، قاعدے کی رو سے يْ گر گئی ہے۔ ❼ يَاْتِ کا ترجمہ وہ آتا ہے، اگر اس کے بعد بِ ہو تو ترجمہ لاتا ہے کیا جاتا ہے۔

ع 10 6 16

| | |
|---|---|
| وَ هُوَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿76﴾ | اور وہ سیدھے راستے پر ہے۔ ﴿76﴾ |
| وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ | اور اللہ ہی کے لیے ہے آسمانوں اور زمین کا غیب |
| وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا | اور نہیں ہے قیامت کا معاملہ مگر |
| كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ؕ | آنکھ جھپکنے کی طرح یا وہ (اس سے بھی) زیادہ قریب |
| اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿77﴾ | بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ ﴿77﴾ |
| وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ | اور اللہ نے نکالا تمہیں |
| مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ | تمہاری ماؤں کے پیٹوں سے |
| لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۙ | (اس حال میں کہ) تم نہیں جانتے تھے کچھ بھی |
| وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ | اور اس نے بنا دیے تمہارے لیے کان اور آنکھیں |
| وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿78﴾ | اور دل تاکہ تم شکر کرو۔ ﴿78﴾ |
| اَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ | کیا نہیں دیکھا انہوں نے پرندوں کی طرف |
| مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ السَّمَآءِ ؕ | (کہ) مسخر ہیں آسمان کی فضا میں |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| صِرَاطٍ | : صراط مستقیم، پل صراط۔ | تَعْلَمُوْنَ | : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔ |
| مُّسْتَقِيْمٍ | : خطِ مستقیم، استقامت، قائم دائم ۔ | السَّمْعَ | : سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع۔ |
| غَيْبُ | : غیب، عالم الغیب۔ | تَشْكُرُوْنَ | : شکر، شاکر، شکر گزار، اظہار تشکر۔ |
| كَلَمْحِ | : کماحقہ، کالعدم۔ | يَرَوْا | : مرئی وغیر مرئی اشیاء، رویئت ہلال۔ |
| الْبَصَرِ | : بصر، بصارت، بصیرت۔ | اِلَى | : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔ |
| اَقْرَبُ | : قرب، قریب، مقرب، تقرب۔ | الطَّيْرِ | : طائر، طیور، طیارہ، اے طائر لاہوتی۔ |
| اَخْرَجَكُمْ | : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔ | مُسَخَّرٰتٍ | : مسخر، تسخیر کائنات۔ |
| بُطُوْنِ | : بطن مادر۔ | فِيْ | : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ |

10 ع 6 16

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَهُوَ | عَلٰى صِرَاطٍ | مُّسْتَقِيْمٍ ﴿76﴾ ع | وَلِلّٰهِ | غَيْبُ السَّمٰوٰتِ ❶ |
| اور وہ | راستے پر | سیدھا | اور اللہ کے لیے | آسمانوں کا غیب |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاَرْضِ ط | وَ | مَآ ❷ | اَمْرُ | السَّاعَةِ ❶ | اِلَّا | كَلَمْحِ |
| اور | زمین | اور | نہیں | معاملہ | قیامت کا | مگر | جھپکنے کی طرح |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْبَصَرِ | اَوْ | هُوَ | اَقْرَبُ ط ❸ | اِنَّ اللّٰهَ ❹ | عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ |
| آنکھ | یا | وہ | زیادہ قریب | بے شک اللہ | ہر چیز پر |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| قَدِيْرٌ ❺ ﴿77﴾ | وَاللّٰهُ | اَخْرَجَكُمْ ❻ | مِّنْۢ بُطُوْنِ | اُمَّهٰتِكُمْ |
| بہت قدرت والا | اور اللہ | اس نے نکالا تمہیں | پیٹوں سے | تمہاری مائیں کے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | تَعْلَمُوْنَ | شَيْـًٔا لا | وَّ | جَعَلَ | لَكُمُ | السَّمْعَ |
| نہیں | تم سب جانتے | کچھ بھی | اور | اس نے بنا دیے | تمہارے لیے | کان |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاَبْصَارَ | وَ | الْاَفْـِٕدَةَ لا ❼ | لَعَلَّكُمْ | تَشْكُرُوْنَ ﴿78﴾ | اَ |
| اور | آنکھیں | اور | دل | تا کہ تم | تم سب شکر کرو | کیا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَمْ | يَرَوْا ❽ | اِلَى الطَّيْرِ | مُسَخَّرٰتٍ ❶ | فِيْ جَوِّ | السَّمَآءِ ط |
| نہیں | دیکھا انہوں نے | پرندوں کی طرف | (کہ) مسخر ہیں | فضا میں | آسمان کی |

ضروری وضاحت

❶ ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ مَا کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس مَا کا ترجمہ نہیں کیا جاتا۔ ❸ شروع میں علامت ا میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❹ اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ❺ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ کُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔ ❼ یہاں ة واحد مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ ❽ یہ کا اصل ترجمہ وہ ہے علامت۔ لَمْ کے بعد عموماً ترجمہ انہوں نے کیا جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ ؕ | نہیں روکتا انہیں (فضا میں) مگر اللہ ہی |
| اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ | بے شک اس میں یقیناً نشانیاں ہیں |
| لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿79﴾ | اس قوم کے لیے (جو) ایمان لاتے ہیں۔﴿79﴾ |
| وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ | اور اللہ نے بنائی تمہارے لیے تمہارے گھروں سے |
| سَكَنًا وَّجَعَلَ لَكُمْ | رہنے کی جگہ اور بنائے تمہارے لیے |
| مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ بُيُوْتًا | چوپاؤں کے چمڑوں سے گھر (خیمے) |
| تَسْتَخِفُّوْنَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ | تم ہلکا پھلکا پاتے ہو انہیں اپنے سفر کے دن |
| وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ ۙ وَمِنْ اَصْوَافِهَا | اور اپنی اقامت کے دن اور ان کی اون سے |
| وَاَوْبَارِهَا وَاَشْعَارِهَاۤ اَثَاثًا | اور ان کی پشم اور ان کے بالوں سے گھر کا سامان |
| وَّمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿80﴾ | اور ایک وقت تک فائدہ اٹھانے کی چیزیں بنائیں۔﴿80﴾ |
| وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ | اور اللہ ہی نے بنا دیے تمہارے لیے |
| مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا | سائے (ان چیزوں) سے جو اس نے پیدا کیں |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| يُمْسِكُهُنَّ | : ممسک، تمسک بالدین۔ | تَسْتَخِفُّوْنَهَا | : تخفیف، مخفف، خفیف۔ |
| اِلَّا / فِيْ | : الاقلیل، الایہ کہ / فی الحال، فی الفور۔ | يَوْمَ | : یوم، ایام، یوم آخرت۔ |
| لَاٰيٰتٍ | : آیت، آیات قرآنی۔ | اِقَامَتِكُمْ | : اقامت، مقیم، اقامت گاہ، قائم مقام۔ |
| يُّؤْمِنُوْنَ | : ایمان، مؤمن، امن۔ | اَثَاثًا | : اثاثہ، اثاثہ جات، اثاثے۔ |
| مِّنْ | : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | مَتَاعًا | : متاع کارواں، مال ومتاع۔ |
| بُيُوْتِكُمْ | : بیت اللہ، بیت المقدس، بیت الخلا۔ | اِلٰى | : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔ |
| سَكَنًا | : ساکن، مسکن، سکنہ، سکونت پذیر۔ | خَلَقَ | : خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔ |
| جُلُوْدِ | : جلدی امراض، ماہر امراض جلد۔ | ظِلٰلًا | : ظل سبحانی، ظل ہما، ظل عرش۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَا ❶ | يُمْسِكُهُنَّ | اِلَّا اللّٰهُ ؕ | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ ❷ | لَاٰيٰتٍ ❸ |
| نہیں | وہ روکتا انہیں | مگر اللہ | بے شک | اس میں | یقیناً نشانیاں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لِّقَوْمٍ | يُّؤْمِنُوْنَ ﴿79﴾ | وَاللّٰهُ | جَعَلَ | لَكُمْ ❹ |
| قوم کے لیے | وہ سب ایمان لاتے ہیں | اور اللہ | اس نے بنائی | تمہارے لیے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ ❺ | سَكَنًا | وَّ | جَعَلَ | لَكُمْ ❹ |
| تمہارے گھروں سے | رہنے کی جگہ | اور | بنائے | تمہارے لیے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ | بُيُوْتًا | تَسْتَخِفُّوْنَهَا | يَوْمَ ظَعْنِكُمْ ❺ |
| چوپاؤں کے چمڑوں سے | گھر | تم سب ہلکا پھلکا پاتے ہو انہیں | دن اپنے سفر کے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ ❺ ۙ | وَ | مِنْ اَصْوَافِهَا | وَ | اَوْبَارِهَا |
| اور اپنی اقامت کے دن | اور | ان کی اُون سے | اور | اُن کی پشم |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَشْعَارِهَآ | اَثَاثًا | وَّ | مَتَاعًا | اِلٰى حِيْنٍ ❻ ﴿80﴾ |
| اور | ان کے بالوں (سے) | (گھر کا) سامان | اور | (فائدہ اٹھانے کی) چیزیں | ایک وقت تک |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَاللّٰهُ | جَعَلَ | لَكُمْ ❹ | مِّمَّا ❼ | خَلَقَ | ظِلٰلًا |
| اور اللہ | اس نے بنا دیے | تمہارے لیے | ان سے جو | اس نے پیدا کیں | سائے |

## ضروری وضاحت

❶ مَا کے بعد اسی جملے میں اِلَّا آ رہا ہو تو اس مَا کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ❷ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❸ ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ کر دیا گیا ہے۔ ❺ كُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمھارا، تمھاری، تمھارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❻ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ ❼ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔

| | |
|---|---|
| وَّجَعَلَ لَكُمۡ مِّنَ الۡجِبَالِ | اور اس نے بنائیں تمہارے لیے پہاڑوں میں |
| اَكۡنَانًا وَّجَعَلَ لَكُمۡ سَرَابِيۡلَ | غاریں اور اس نے بنائیں تمہارے لیے قمیصیں |
| تَقِيۡكُمُ الۡحَرَّ وَسَرَابِيۡلَ | وہ بچاتی ہیں تمہیں گرمی سے اور وہ قمیصیں (زرہیں) |
| تَقِيۡكُمۡ بَاۡسَكُمۡ ؕ | (جو) بچاتی ہیں تمہیں تمہاری جنگ میں |
| كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعۡمَتَهٗ عَلَيۡكُمۡ | اسی طرح وہ پوری کرتا ہے اپنی نعمت تم پر |
| لَعَلَّكُمۡ تُسۡلِمُوۡنَ ﴿81﴾ | تاکہ تم فرمانبردار بن جاؤ۔ ﴿81﴾ |
| فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَاِنَّمَا | پھر اگر وہ پھر جائیں تو بیشک صرف |
| عَلَيۡكَ الۡبَلٰغُ الۡمُبِيۡنُ ﴿82﴾ | آپ کے ذمے واضح طور پر پہنچا دینا ہے۔ ﴿82﴾ |
| يَعۡرِفُوۡنَ نِعۡمَتَ اللّٰهِ | وہ پہچانتے ہیں اللہ کی نعمت کو |
| ثُمَّ يُنۡكِرُوۡنَهَا | پھر وہ انکار کرتے ہیں اس کا |
| ع 11/7/17 وَاَكۡثَرُهُمُ الۡكٰفِرُوۡنَ ﴿83﴾ | اور ان میں سے اکثر ناشکرے ہیں۔ ﴿83﴾ |
| وَيَوۡمَ نَبۡعَثُ مِنۡ كُلِّ اُمَّةٍ | اور جس دن ہم کھڑا کریں گے ہر امت سے |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| مِّنَ | منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ |
| الۡجِبَالِ | جبل اُحد، جبل رحمت، جبال ہمالیہ۔ |
| تَقِيۡكُمۡ | تقویٰ، متقی۔ |
| الۡحَرَّ | حرارت۔ |
| كَذٰلِكَ | کماحقہ، کالعدم۔ |
| يُتِمُّ | اتمام حجت، تتمہ، تمت بالخیر۔ |
| نِعۡمَتَهٗ | نعمت، انعام، منعم حقیقی۔ |
| عَلَيۡكُمۡ | علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ |
| تُسۡلِمُوۡنَ | تسلیم ورضا، سلامتی، اسلام۔ |
| الۡبَلٰغُ | بالغ، بلوغت، ذرائع ابلاغ۔ |
| الۡمُبِيۡنُ | بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔ |
| يَعۡرِفُوۡنَ | عرف، معروف، تعارف، معرفت۔ |
| يُنۡكِرُوۡنَهَا | منکر، منکرات، انکار۔ |
| الۡكٰفِرُوۡنَ | کفر، کافر، کفار، کفارِ مکہ۔ |
| نَبۡعَثُ | بعثت انبیاء، مبعوث۔ |
| اُمَّةٍ | اُمت، اُمم سابقہ، اُمت محمدیہ۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَّجَعَلَ | لَكُمْ | مِّنَ الْجِبَالِ | اَكْنَانًا | وَّجَعَلَ |
| اور اس نے بنائیں | تمہارے لیے | پہاڑوں میں | غاریں | اور اس نے بنائیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَكُمْ | سَرَابِيْلَ | تَقِيْكُمُ ❶ | الْحَرَّ | وَ | سَرَابِيْلَ |
| تمہارے لیے | قمیصیں | وہ بچاتی ہیں تمہیں | گرمی سے | اور | قمیصیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تَقِيْكُمْ ❶ | بَاْسَكُمْ ؕ | كَذٰلِكَ | يُتِمُّ | نِعْمَتَهٗ ❷ |
| بچاتی ہیں تمہیں | تمہاری جنگ (میں) | اسی طرح | وہ پوری کرتا ہے | اپنی نعمت |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عَلَيْكُمْ | لَعَلَّكُمْ | تُسْلِمُوْنَ (81) | فَاِنْ | تَوَلَّوْا ❸ |
| تم پر | تاکہ تم | تم سب فرمانبردار بن جاؤ | پھر اگر | وہ سب پھر جائیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَاِنَّمَا ❹ | عَلَيْكَ ❺ | الْبَلٰغُ | الْمُبِيْنُ (82) | يَعْرِفُوْنَ |
| تو بیشک صرف | آپ کے ذمے | پہنچا دینا ہے | واضح | وہ سب پہچانتے ہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| نِعْمَتَ اللّٰهِ ❻ | ثُمَّ | يُنْكِرُوْنَهَا | وَ | اَكْثَرُهُمُ |
| اللہ کی نعمت | پھر | وہ سب انکار کرتے ہیں اس کا | اور | ان میں سے اکثر |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الْكٰفِرُوْنَ (83) ع | وَ | يَوْمَ | نَبْعَثُ | مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ ❶ |
| سب ناشکری کرنے والے | اور | (جس) دن | ہم کھڑا کریں گے | ہر اُمت سے |

ع 11 7 17

### ضروری وضاحت

❶ تَ فعل کے شروع میں اور ةَ اسم کے آخر میں واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ هٗ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❸ تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے ❹ اِنَّ کے ساتھ جب مَا لگ جائے تو اس میں صرف یوں ہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ عَلٰی کا ترجمہ عموماً پر کبھی کے ذمے اور کبھی کے بل وغیرہ ہوتا ہے۔ ❻ یہاں قرآنی کتابت میں ةَ کو ت سے بدل کر لکھا گیا ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ۔

| | |
|---|---|
| شَهِيۡدًا ثُمَّ لَا يُؤۡذَنُ | ایک گواہ پھر نہ اجازت دی جائے گی |
| لِلَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَلَا هُمۡ | ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا، اور نہ وہ |
| يُسۡتَعۡتَبُوۡنَ ﴿84﴾ وَاِذَا | توبہ کا مطالبہ کیے جائیں گے۔ ﴿84﴾ اور جب |
| رَاَ الَّذِيۡنَ ظَلَمُوا الۡعَذَابَ | دیکھیں گے وہ لوگ جنہوں نے ظلم کیا عذاب کو |
| فَلَا يُخَفَّفُ عَنۡهُمۡ | تو نہ وہ کم کیا جائے گا ان سے |
| وَلَا هُمۡ يُنۡظَرُوۡنَ ﴿85﴾ | اور نہ وہ مہلت دیے جائیں گے۔ ﴿85﴾ |
| وَاِذَا رَاَ الَّذِيۡنَ اَشۡرَكُوۡا | اور جب دیکھیں گے وہ لوگ جنہوں نے شرک کیا |
| شُرَكَآءَهُمۡ قَالُوۡا | اپنے (بنائے ہوئے) شریکوں کو (تو) وہ کہیں گے |
| رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا | اے ہمارے رب! یہ ہمارے (وہ) شریک ہیں |
| الَّذِيۡنَ كُنَّا نَدۡعُوۡا مِنۡ دُوۡنِكَ ۚ | جنہیں تھے ہم پکارتے تیرے سوا |
| فَاَلۡقَوۡا اِلَيۡهِمُ الۡقَوۡلَ | تو وہ پھینک ماریں گے ان کی طرف (یہ) بات |
| اِنَّكُمۡ لَكٰذِبُوۡنَ ﴿86﴾ ۚ | (کہ) بلاشبہ تم یقیناً جھوٹے ہو۔ ﴿86﴾ |

الثلثة

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| شَهِيۡدًا | شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔ | يُخَفَّفُ | تخفیف، مخفف، خفیف۔ |
| لَا | لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔ | اَشۡرَكُوۡا | شرک، شریک، مشرک، شراکت۔ |
| يُؤۡذَنُ | اذن عام، باذن اللّٰہ، اذن الٰہی۔ | قَالُوۡا | قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ |
| كَفَرُوۡا | کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔ | مِنۡ | منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ |
| وَ | لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔ | نَدۡعُوۡا | دعا، دعوت، مدعو، الداعی الی الخیر۔ |
| رَاَ | مرئی وغیر مرئی اشیاء، رویت ہلال۔ | فَاَلۡقَوۡا | ملاقات، ملاقاتی حضرات۔ |
| ظَلَمُوۡا | ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔ | اِلَيۡهِمُ | مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔ |
| الۡعَذَابَ | عذاب، عذاب آخرت۔ | لَكٰذِبُوۡنَ | کذب بیانی، کذاب، کاذب۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| شَهِيۡدًا ❶ | ثُمَّ | لَا يُؤۡذَنُ ❷ | لِلَّذِيۡنَ | كَفَرُوۡا |
| ایک گواہ | پھر | نہ اجازت دی جائے گی | ان کے لیے جن | سب نے کفر کیا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَلَا | هُمۡ يُسۡتَعۡتَبُوۡنَ ❷❸ (84) | وَاِذَا | رَاَ | الَّذِيۡنَ |
| اور نہ | وہ سب توبہ کا مطالبہ کیے جائیں گے | اور جب | دیکھیں گے | وہ لوگ جن |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ظَلَمُوا | الۡعَذَابَ | فَلَا | يُخَفَّفُ ❷ | عَنۡهُمۡ |
| سب نے ظلم کیا | عذاب | تو نہ | وہ کم کیا جائے گا | ان سے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَلَا | هُمۡ يُنۡظَرُوۡنَ ❷❸ (85) | وَ | اِذَا | رَاَ | الَّذِيۡنَ |
| اور نہ | وہ سب مہلت دیے جائیں گے | اور | جب | دیکھیں گے | وہ لوگ جن |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَشۡرَكُوۡا | شُرَكَآءَهُمۡ | قَالُوۡا | رَبَّنَا ❹ | هٰٓؤُلَآءِ |
| سب نے شرک کیا | اپنے شریکوں کو | وہ سب کہیں گے | (اے) ہمارے رب! | یہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| شُرَكَآؤُنَا ❹ | الَّذِيۡنَ | كُنَّا | نَدۡعُوۡا | مِنۡ دُوۡنِكَ ❺ |
| ہمارے شریک | جنہیں | تھے ہم | ہم سب پکارتے | تیرے سوا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَاَلۡقَوۡا | اِلَيۡهِمُ | الۡقَوۡلَ | اِنَّكُمۡ ❻ | لَكٰذِبُوۡنَ ❼ (86) ج |
| تو وہ سب پھینک ماریں گے | ان کی طرف | بات | بلاشبہ تم | یقیناً سب جھوٹ بولنے والے ہو |

العلامة

**ضروری وضاحت**

❶ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ ❷ اگر یـ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ هُمۡ اور یـ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ❹ نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، ہماری، ہمارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❺ یہاں علامت مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ❼ اسم، فعل اور حرف کے ساتھ لَ تاکید کی علامت ہوتی ہے۔

| | |
|---|---|
| وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ | اور وہ پیش کریں گے اللہ کی طرف |
| يَوْمَىِٕذِ السَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُمْ | اس دن فرمانبرداری اور گم ہو جائے گا ان سے |
| مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿87﴾ | جو وہ جھوٹ باندھتے تھے۔ ﴿87﴾ |
| اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا | وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا |
| وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ | اور روکا اللہ کی راہ سے |
| زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ | ہم زیادہ دیں گے اُنہیں عذاب پر عذاب |
| بِمَا كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ﴿88﴾ | اس وجہ سے جو وہ فساد کرتے تھے۔ ﴿88﴾ |
| وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ | اور جس دن ہم کھڑا کریں گے ہر امت میں |
| شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ | ایک گواہ ان پر ان کے نفسوں میں سے |
| وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ؕ | اور ہم لائیں گے آپ کو (بطور) گواہ ان لوگوں پر |
| وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ | اور ہم نے نازل کی آپ پر (یہ) کتاب (اس حال میں کہ) |
| تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ | کھول کر بیان کرنے والی ہے ہر چیز کو |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَلْقَوْا | : اِلقاء۔ | فَوْقَ | : فوق، فوقیت، مافوق الفطرت۔ |
| اِلَى | : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔ | يُفْسِدُوْنَ | : فساد، فسادی، مفسد، فاسد مادہ۔ |
| السَّلَمَ | : تسلیم ورضا، سلامتی، اسلام۔ | شَهِيْدًا | : شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔ |
| ضَلَّ | : ضلالت وگمراہی۔ | عَلَيْهِمْ | : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ |
| يَفْتَرُوْنَ | : افتراپردازی، مفتری۔ | اَنْفُسِهِمْ | : نفس، نفسانفسی، نظام تنفس۔ |
| كَفَرُوْا | : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔ | نَزَّلْنَا | : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔ |
| سَبِيْلِ | : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔ | الْكِتٰبَ | : کتاب، کاتب، کتابت، مکتوب۔ |
| زِدْنٰهُمْ | : زیادہ، مزید، زائد۔ | تِبْيَانًا | : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَلْقَوْا | اِلَى اللّٰهِ | يَوْمَئِذِۣ | السَّلَمَ | وَ ضَلَّ |
| اور | وہ سب پیش کریں گے | اللہ کی طرف | اس دن | فرمانبرداری | اور گم ہو جائے گا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عَنْهُمْ | مَّا | كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ❶ (87) | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا |
| ان سے | جو | تھے وہ سب جھوٹ باندھتے | وہ لوگ جن | سب نے کفر کیا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | صَدُّوْا | عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ | زِدْنٰهُمْ | عَذَابًا |
| اور | سب نے روکا | اللہ کی راہ سے | ہم زیادہ دیں گے اُنہیں | عذاب |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَوْقَ الْعَذَابِ | بِمَا ❷ | كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ❶ (88) | وَ | يَوْمَ |
| عذاب پر | اس وجہ سے جو | تھے وہ سب فساد کرتے | اور | جس دن |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| نَبْعَثُ | فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ ❸ | شَهِيْدًا ❹ | عَلَيْهِمْ | مِّنْ اَنْفُسِهِمْ |
| ہم کھڑا کریں گے | ہر امت میں | ایک گواہ | ان پر | ان کے نفسوں میں سے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | جِئْنَا | بِكَ ❷ | شَهِيْدًا | عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ؕ | وَ |
| اور | ہم لائیں گے | آپ کو | (بطور) گواہ | ان لوگوں پر | اور |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| نَزَّلْنَا ❺ | عَلَيْكَ | الْكِتٰبَ | تِبْيَانًا | لِّكُلِّ شَيْءٍ ❻ |
| ہم نے نازل کی | آپ پر | کتاب | کھول کر بیان کرنے والی | ہر چیز کو |

### ضروری وضاحت

❶ وْا اور يْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❷ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، اس وجہ سے کیا جاتا ہے۔ ❸ اسم کے آخر میں ۃ مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ ❺ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❻ اسم کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی کے لیے اور کبھی کا، کی، کے بھی ہوتا ہے۔

ع 12 6 18

| | |
|---|---|
| وَّهُدًى وَّرَحْمَةً | اور ہدایت اور رحمت |
| وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿89﴾ | اور خوشخبری ہے مسلمانوں کے لیے۔ ﴿89﴾ |
| اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ | بے شک اللہ حکم دیتا ہے عدل اور احسان کا |
| وَاِيْتَآئِ ذِی الْقُرْبٰى | اور قرابت والوں کو دینے کا |
| وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ | اور وہ روکتا ہے بے حیائی سے |
| وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ | اور برے کام اور سرکشی (سے) |
| يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿90﴾ | وہ نصیحت کرتا ہے تمہیں تاکہ تم نصیحت حاصل کرو۔ ﴿90﴾ |
| وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ | اور پورا کرو اللہ کے عہد کو جب تم عہد کرو |
| وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ | (آپس میں) اور نہ توڑو قسموں کو |
| بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا وَقَدْ | ان کی پختگی کے بعد حالانکہ یقیناً |
| جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا | تم نے بنایا ہے اللہ کو اپنے آپ پر ضامن |
| اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿91﴾ | بیشک اللہ جانتا ہے جو (کچھ) تم کرتے ہو۔ ﴿91﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| بُشْرٰى | بشارت، مبشر، بشیر۔ | الْمُنْكَرِ | منکر، منکرات، انکار۔ |
| لِلْمُسْلِمِيْنَ | مسلم، مسلمان، مسلمین، اسلام۔ | الْبَغْيِ | باغی، بغاوت، باغیانہ رویہ۔ |
| يَاْمُرُ | امر، آمر، مامور، امارت۔ | يَعِظُكُمْ | وعظ، واعظ، وعظ و نصیحت۔ |
| الْاِحْسَانِ | احسان، محسن، حسنات، قرض حسنہ۔ | اَوْفُوْا | وفا، ایفائے عہد، وفادار۔ |
| ذِی | ذیشان، ذی روح، ذیقعدہ۔ | تَنْقُضُوا | نقض امن، نقیض۔ |
| الْقُرْبٰى | قرب، قریب، مقرب، تقرب۔ | تَوْكِيْدِهَا | تاکید، سنت مؤکدہ۔ |
| يَنْهٰى | منہیات، اوامر و نواہی، نہی عن المنکر۔ | كَفِيْلًا | کفیل، کفالت۔ |
| الْفَحْشَآءِ | فحش، فحاشی، فواحش۔ | تَفْعَلُوْنَ | فعل، فاعل، مفعول۔ |

ع 12 6 18

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | هُدًى | وَّ | رَحْمَةً (1) | وَّ | بُشْرٰى (1) | لِلْمُسْلِمِيْنَ (89) |
| اور | ہدایت | اور | رحمت | اور | خوشخبری | سب مسلمانوں کے لیے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ اللّٰهَ | يَاْمُرُ | بِالْعَدْلِ (2) | وَ | الْاِحْسَانِ | وَ | اِيْتَآئِ |
| بے شک اللہ | وہ حکم دیتا ہے | عدل کا | اور | احسان (کا) | اور | دینے (کا) |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ذِى الْقُرْبٰى | وَ | يَنْهٰى | عَنِ الْفَحْشَآءِ | وَ | الْمُنْكَرِ |
| قرابت والے | اور | وہ روکتا ہے | بے حیائی سے | اور | برے کام |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْبَغْيِ | يَعِظُكُمْ | لَعَلَّكُمْ | تَذَكَّرُوْنَ (3) (90) | وَ |
| اور | سرکشی (سے) | وہ نصیحت کرتا ہے تمہیں | تاکہ تم | تم سب نصیحت حاصل کرو | اور |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَوْفُوْا | بِعَهْدِ اللّٰهِ (2) | اِذَا | عٰهَدْتُّمْ | وَ | لَا تَنْقُضُوا (4) |
| تم سب پورا کرو | اللہ کے عہد کو | جب | تم عہد کرو | اور | نہ تم سب توڑو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْاَيْمَانَ (5) | بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا | وَ (6) | قَدْ | جَعَلْتُمُ | اللّٰهَ (5) |
| قسموں کو | ان کی پختگی کے بعد | حالانکہ | یقیناً | تم نے بنایا | اللہ کو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْكُمْ | كَفِيْلًا ط | اِنَّ اللّٰهَ (7) | يَعْلَمُ | مَا | تَفْعَلُوْنَ (91) |
| اپنے آپ پر | ضامن | بیشک اللہ | وہ جانتا ہے | جو | تم سب کرتے ہو |

**ضروری وضاحت**

(1) اسم کے آخر میں ة اور ـِی واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ (2) بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔ (3) یہ دراصل تَتَذَكَّرُوْنَ تھا، تخفیف کے لیے ایک تَ گرا دی گئی ہے۔ (4) لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ (5) فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ (6) وَ کا کبھی ترجمہ اور کبھی حالانکہ اور کبھی قسم سے کیا جاتا ہے۔ (7) اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔

| | |
|---|---|
| وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ | اور مت ہو جاؤ تم اس عورت کی طرح |
| نَقَضَتْ غَزْلَهَا | جس نے توڑ ڈالا اپنا کاتا ہوا سوت (اسے) |
| مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا ؕ | مضبوطی (سے کاتنے) کے بعد ٹکڑے ٹکڑے کر کے |
| تَتَّخِذُوْنَ اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا | تم بناتے ہو اپنی قسموں کو، دھوکہ دینے کا ذریعہ |
| بَيْنَكُمْ اَنْ تَكُوْنَ اُمَّةٌ | اپنے درمیان (اس لیے) کہ ہو ایک جماعت |
| هِيَ اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ ؕ | وہ زیادہ بڑھی ہوئی ہو (مال میں دوسری) جماعت سے |
| اِنَّمَا يَبْلُوْكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ؕ | بیشک صرف اللہ تو آزماتا ہے تمہیں اس (عہد) کے ساتھ |
| وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ | اور یقیناً ضرور وہ واضح کریگا تمہارے لیے قیامت کے دن |
| مَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿92﴾ وَلَوْ | (اسے) جو تھے تم اس میں اختلاف کرتے ﴿92﴾ اور اگر |
| شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً | چاہتا اللہ (تو) یقیناً بنا دیتا تمہیں ایک ہی امت |
| وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ | اور لیکن وہ گمراہ کرتا ہے جسے چاہتا ہے |
| وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ | اور ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| لَا | : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔ | لَيُبَيِّنَنَّ | : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔ |
| كَالَّتِيْ | : کماحقہ، کالعدم۔ | الْقِيٰمَةِ | : قائم، قیام، قیامت۔ |
| نَقَضَتْ | : نقیض، نقض عہد، نقض امن۔ | مَا | : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔ |
| مِنْ | : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | تَخْتَلِفُوْنَ | : خلاف، مخالف، اختلاف، مختلف۔ |
| تَتَّخِذُوْنَ | : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔ | شَآءَ | : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔ |
| بَيْنَكُمْ | : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔ | وَّاحِدَةً | : واحد، توحید، وحدت، وحدانیت۔ |
| يَبْلُوْكُمْ | : بلا، دورِ ابتلا، مبتلا۔ | يُّضِلُّ | : ضلالت و گمراہی۔ |
| بِهٖ | : بالکل، بہر حال، بالواسطہ، بالمشافہ۔ | يَهْدِيْ | : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا تَكُوْنُوْا | كَالَّتِيْ | نَقَضَتْ ❶ | غَزْلَهَا | مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ ❷❸ |
| اور | مت تم سب ہوجاؤ | (اس عورت) کی طرح جس نے | توڑ ڈالا | اپنا سوت | مضبوطی کے بعد |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَنْكَاثًا ؕ | تَتَّخِذُوْنَ | اَيْمَانَكُمْ | دَخَلًاۢ | بَيْنَكُمْ | اَنْ |
| ٹکڑے ٹکڑے | تم سب بناتے ہو | اپنی قسموں کو | دھوکہ دینے کا ذریعہ | اپنے درمیان | کہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| تَكُوْنَ ❸ | اُمَّةٌ ❸ | هِيَ | اَرْبٰى ❹ | مِنْ اُمَّةٍ ❸ ؕ | اِنَّمَا |
| ہو | ایک جماعت | وہ | زیادہ بڑھی ہوئی | (دوسری) جماعت سے | بیشک صرف |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يَبْلُوْكُمُ | اللّٰهُ | بِهٖ ؕ | وَ | لَيُبَيِّنَنَّ ❺ | لَكُمْ |
| وہ آزماتا ہے تمہیں | اللہ | اس کے ساتھ | اور | یقیناً ضرور وہ واضح کریگا | تمہارے لیے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ❸ | مَا | كُنْتُمْ | فِيْهِ | تَخْتَلِفُوْنَ ﴿92﴾ |
| قیامت کے دن | جو | تھے تم | اس میں | تم سب اختلاف کرتے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَلَوْ | شَآءَ | اللّٰهُ | لَجَعَلَكُمْ ❻ | اُمَّةً وَّاحِدَةً ❸ | وَّلٰكِنْ |
| اور اگر | چاہتا | اللہ | یقیناً بنا دیتا تمہیں | ایک امت | اور لیکن |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يُّضِلُّ | مَنْ ❼ | يَّشَآءُ | وَ | يَهْدِيْ | مَنْ ❼ | يَّشَآءُ ؕ |
| وہ گمراہ کرتا ہے | جسے | وہ چاہتا ہے | اور | وہ ہدایت دیتا ہے | جسے | وہ چاہتا ہے |

**ضروری وضاحت**

❶ فعل کے آخر میں تْ واحد مونث کی علامت ہے جس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ اگر لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ ہو تو اس کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❸ تَ فعل کے شروع میں اور ۃ اسم کے آخر میں واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ یہاں علامت ا میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❺ فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نَّ تاکید کی علامتیں ہیں۔ ❻ كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔ ❼ مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون کیا جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَلَتُسۡـَٔلُنَّ | اور یقیناً ضرور تم پوچھے جاؤ گے |
| عَمَّا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿93﴾ | اس کے بارے جو تم کیا کرتے تھے۔ ﴿93﴾ |
| وَلَا تَتَّخِذُوۡۤا اَيۡمَانَكُمۡ | اور مت بناؤ اپنی قسموں کو |
| دَخَلًاۢ بَيۡنَكُمۡ فَتَزِلَّ | اپنے درمیان دھوکا دینے کا ذریعہ کہ پھسل جائے |
| قَدَمٌۢ بَعۡدَ ثُبُوۡتِهَا | کوئی قدم (اسلام سے) اپنے جمنے کے بعد |
| وَتَذُوۡقُوا السُّوۡٓءَ بِمَا | اور تم چکھو برائی (سزا) اس وجہ سے جو |
| صَدَدۡتُّمۡ عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ‌ۚ | تم نے روکا اللہ کی راہ سے |
| وَلَكُمۡ عَذَابٌ عَظِيۡمٌ ﴿94﴾ | اور تمہارے لیے بہت بڑا عذاب ہو (آخرت میں)۔ ﴿94﴾ |
| وَلَا تَشۡتَرُوۡا بِعَهۡدِ اللّٰهِ | اور مت خریدو اللہ کے عہد کے بدلے میں |
| ثَمَنًا قَلِيۡلًا‌ ؕ اِنَّمَا عِنۡدَ اللّٰهِ | تھوڑی قیمت، بے شک جو اللہ کے پاس ہے |
| هُوَ خَيۡرٌ لَّكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ﴿95﴾ | وہ بہتر ہے تمہارے لیے اگر ہو تم جانتے۔ ﴿95﴾ |
| مَا عِنۡدَكُمۡ يَنۡفَدُ | جو کچھ تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جائے گا |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| لَتُسۡـَٔلُنَّ | : سوال، سائل، مسئول۔ | السُّوۡٓءَ | : علمائے سوء، اعمال سیئہ۔ |
| تَعۡمَلُوۡنَ | : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔ | سَبِيۡلِ | : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔ |
| لَا | : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔ | عَظِيۡمٌ | : عظمت۔ معظم، تعظیم۔ |
| تَتَّخِذُوۡۤا | : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔ | تَشۡتَرُوۡا | : مشتری، بیع و اشتری۔ |
| بَيۡنَكُمۡ | : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔ | بِعَهۡدِ | : عہد، ایفائے عہد، نقض عہد۔ |
| قَدَمٌ | : قدم، تقدیم، خیر مقدم، اقدام۔ | ثَمَنًا | : زر ثمن۔ |
| ثُبُوۡتِهَا | : ثابت، ثبوت، ثابت قدم۔ | عِنۡدَ | : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔ |
| تَذُوۡقُوا | : ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔ | تَعۡلَمُوۡنَ | : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔ |

| وَ | لَتُسْـَٔلُنَّ 1 2 | عَمَّا 3 | كُنْتُمْ | تَعْمَلُوْنَ (93) |
|---|---|---|---|---|
| اور | یقیناً ضرور تم پوچھے جاؤ گے | اس کے بارے جو | تھے تم | تم سب کیا کرتے |

| وَ | لَا تَتَّخِذُوْٓا 4 | اَيْمَانَكُمْ | دَخَلًاۢ | بَيْنَكُمْ |
|---|---|---|---|---|
| اور | مت تم سب بناؤ | اپنی قسموں کو | دھوکا دینے کا ذریعہ | اپنے درمیان |

| فَتَزِلَّ 5 | قَدَمٌۢ 6 | بَعْدَ ثُبُوْتِهَا | وَ | تَذُوْقُوا | السُّوْٓءَ |
|---|---|---|---|---|---|
| کہ پھسل جائے | کوئی قدم | اپنے جمنے کے بعد | اور | تم سب چکھو | برائی (سزا) |

| بِمَا 7 | صَدَدْتُّمْ | عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ | وَ | لَكُمْ |
|---|---|---|---|---|
| اس وجہ سے جو | تم نے روکا | اللہ کی راہ سے | اور | تمہارے لیے |

| عَذَابٌ | عَظِيْمٌ (94) | وَ | لَا تَشْتَرُوْا 4 | بِعَهْدِ اللّٰهِ 7 |
|---|---|---|---|---|
| عذاب | بہت بڑا | اور | مت تم سب خریدو | اللہ کے عہد کے بدلے میں |

| ثَمَنًا | قَلِيْلًا ۭ | اِنَّمَا | عِنْدَ اللّٰهِ | هُوَ | خَيْرٌ | لَّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قیمت | تھوڑی | بے شک جو | اللہ کے پاس | وہ | بہتر | تمہارے لیے |

| اِنْ | كُنْتُمْ | تَعْلَمُوْنَ (95) | مَا | عِنْدَكُمْ | يَنْفَدُ |
|---|---|---|---|---|---|
